ایس. پی صاحب میری بچی کا کچھ پتا چلا حسن صاحب کمرے سے باہر آکر ایس پی کو فون کر کے پوچھنے لگے

نہیں حسن صاحب ہم کوشش کر رہے ہیں مل جائے گی آپ کی بیٹی آپ بس تھوڑا صبر کر لیں ایس پی نے انہیں کہا

میری بچی صبح سے غائب ہے اور آپ کہہ رہے ہیں میں صبر کر لوں

مجھے میری بیٹی چاہیئے ہر حال میں حسن صاحب نے غصے میں کہا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

ہم آپکا دکھ سمجھ سکتے ہیں حسن صاحب ہم اپنی طرف سے پوری کوشش کر رہے ہیں بہت جلد آپکو اچھی خبر دیں گے ان شاءاللہ ایس۔پی صاحب نے کہا اور حسن صاحب نے کال کاٹ دی

. . . . . . . . . . . .

اَچّھا حسنین میں اب گھر چلتا ہوں کھانا کھا لینا میں نے کچن میں رکھوا دیا تھا جنید واپس جانے کے لیے اٹھ کھڑا ہوا

شکریہ جنید میرا ساتھ دینے کے لیے اور ابھی بھی کسی کو اس بات کا پتا نہیں لگنا چاہئے بی جان اور بڑے ابو کو بھی نہیں حسنین جنید کو باہر تک چھوڑنے آیا

ٹھیک ہے میں نہیں بتا رہا کسی کو اور تم اب بھابھی کا خیال رکھنا اس سب میں انکی کوئی غلطی نہیں ہے

ہاتھ ہلکا رکھنا جنید نے حسنین سے ملتے ہوئے کہا

ھمممم۔۔۔۔اللہ حافظ حسنین نے بات بدَل دی

اللہ حافظ جنید کہہ کر اپنی گاڑی میں بیٹھ کر روانہ ہوا

. . . . . . . . . . . .

ماہ رخ نے کمرے میں آکر اپنا نقاب کھینچ کر اُتار دیا اور گھٹنوں کے بل نیچے بیٹھتی چلی گئی

کیوں اللہ جی کس بات کی سزا دی مجھے میں نے پوری زندگی خود کو چھپا کر رکھا جیسا آپکو پسند ہے۔

ویسی بننے کی پوری کوشش کی پِھر بھی میرے ساتھ ایسا کیوں ہوا ماہ رخ گھٹ گھٹ کے رو رہی تھی

اس نے بیڈ شیٹ کو اپنے مٹھی میں بھینچ لیا

وہ نہیں چاہتی تھی حسنین اسے روتے دیکھ لے وہ حسنین کے سامنے کمزور نہیں پڑنا چاہتی تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اسے پتا تھا کے ابھی سب تو شروع ہوا ہے

. . . . . . . . . . . .

کچھ دیر بعد ماہ رخ کو کسی کے قدموں کی آہٹ محسوس ہوئی

وہ گھٹنوں میں اپنا منہ چھپانے لگی

دروازہ کھولو باہر سے حسنین کی بھاری آواز سنائی دی

وہ دروازے کو خالی خالی نظروں سے دیکھنے لگی

میں نے کہا دروازہ کھولو نہیں تو میں خود کھول دوں گا حسنین نے دھمکی دی

ماہ رخ پھِر بھی نا اٹھی

وہ خود کو چھپا دینا چاہتی تھی لیکن ایسا اس کے بس میں کہاں تھا

حسنین اسٹور روم سے کمرے کی چابی اتار آیا

ماہ رخ نے اپنا چہرہ گھٹنوں میں چھپایا ہوا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ دروازہ کھول کر کمرے میں آیا تو کمرے میں اندھیرا چھایا ہوا تھا

اس نے لائٹس آن کی تو پورا کمرا روشنی سے نہا گیا

پھر اسنے اپنی نظریں ماہ رخ کو ڈھونڈنے میں دوڑائی تو وہ اسے نیچے بیٹھی نظر آئی اس کے لمبے سلکی بال کمر سے نیچے گرے ہوئے نظر آئے

حسنین نے سَر جھٹکا اور آہستہ سے قدم اٹھاتا اس کے سامنے آ بیٹھا

پھر آرام سے گویا ہوا

ابھی تو میں نے تمہیں کچھ نہیں کہا پھر کیوں رو رہی ہو اس نے حیران نظروں سے اسے دیکھتے ہوئے کہا

ماہ رخ نا محسوس انداز سے تھوڑا سا پیچھے ہو گئی

حسنین کی نظروں سے یہ حرکت چھپی نہیں اس کے ہونٹوں پر ایک عجیب سی مسکان دوڑ گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

چلو اٹھو اور حالت ٹھیک کرو اپنی حسنین سمجھ گیا تھا وہ لڑکی آج کل کی لڑکیوں سے مختلف ہے

ورنہ وہ اس ٹائم احتجاج کر رہی ہوتی لیکن وہ جو سب سوچ کر کمرے میں آیا تھا اسے لگ رہا تھا وہ کمرے میں داخل ہو گا تو

ضرور وہ چیخے گی چِلائے گی لیکن اسے ایسا نظر نہیں آیا جس سب کو وہ سوچ کر پریشان اور بے چین تھا

ماہ رخ نا جانے کس دنیا میں کھوئی ہوی تھی وہ پھر سے گویا ہوا

میں کہہ رہا ہوں اٹھ جائیں نہیں تو میں خود آپ کو اٹھا کر باتھ روم تک چھوڑ کے آؤں گا

حسنین نے تھوڑے غصے میں کہا

یہ سنتے ہی جلدی سے اٹھ کھڑی ہوئی

حسنین حیران و پریشان کھڑا اسے دیکھ رہا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے اپنی تیس سالہ زندگی میں بہت سی خوبصورت لڑکیاں دیکھی تھیں لیکن ماہ رخ جیسی خوبصورتی پاکیزگی اور ایک عجیب سی کشش اسے کبھی کسی اور لڑکی کے چہرے پر نہیں کھائی دی تھی ایک نور تھا اسکے چہرے پر جو حسنین کو اپنی جانب مائل کر رہا تھا

بڑی بڑی شہد رنگ آنکھیں جو رونے کی وجہ سے سرخ ہو چکی تھیں

گال آنسو سے تَر تھے میک اپ کی نام پر صرف اسکی انکھوں میں کاجل تھا جو رونے کی وجہ سے اسکے چہرے پر پھیل چکا تھا

کچھ ٹائم تک حسنین اسے بے پلکیں جھپکائے بغیر دیکھتا رہا

وہ اسکی خوبصورتی میں کھو سا گیا تھا

ماہ رخ کو عجیب لگ رہا تھا حسنین یوں اسے گھورنا اس نے بیڈ سے دوپٹہ اٹھا کر گلے میں ڈالا اور جلدی سے باتھ روم میں بھاگ گئ

حسنین کو جب ہوش آیا تو وہ اسکے سامنے نہیں تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

کیا ہو گیا ہے حسنین شاہ تمہیں صرف اپنا انتقام لینا ہے حسنین نے اپنی بے اختیاری پر خود کو جی بھر کے کوسا اور پھر سر جھٹک کر کمرے سے باہر نکلتا چلا گیا

ماہ رخ نے کمرے میں ڈرتے ڈرتے قدم رکھا تو وہ اسے کمرے میں کہیں دِکھائی نہیں دیا

ماہ رخ نے سُکھ کا سانس لیا اور نماز پڑھنے لگی

وہ نماز ختم پڑھنے کے بعد سجدے میں رو رو رہی تھی

جب انسان کو اپنوں کا سہارہ بھی نا ہو تو وہ جو ہمیں ستر ماؤں جتنا پیار دیتا ہے تو پھر وہی ہماری ہر مشکل آسان کرنے لگتا ہے وہ اپنے انسان کو اکیلا نہیں چھوڑتا

میرے اللہ میری بابا کو ہمت اور صبر دینا یا ان کے دِل میں میرے لیے نفرت ڈال دیں وہ گھٹ گھٹ کر رو رہی تھی

حسنین کسی کام سے اندر آ رہا تھا جب اسے

ماہ رخ کی رونے کی آواز آئی

وہ اپنے قدم پیچھے کرنے لگا

وہ اس کے سامنے ابھی نہیں جانا چاہتا تھا اس لیے اسے اکیلا چھوڑ دیا

ماہ رخ کا دِل خون کے آنسو رُو رہا تھا

جب اسکا دکھ تھوڑا ہلکا ہوا تو وہ اٹھ کر سامنے پڑے صوفے پر بیٹھ گئی

اور کتنی ہی دیر خالی خالی نظروں سے کمرے کو دیکھنے لگی

پھر گھٹنوں کے گرد ہاتھ باندھ کر چہرہ چھپا لیا سونے کی کوشش کرنے لگی نیند اسکی آنکھوں سے کوسوں دور تھی

اسے رہ رہ کر حسن صاحب فرزانہ بیگم اور باقی سب گھر والوں کی یاد آ رہی تھی

سب کتنے پریشان ہوں گے

وہ پھر سے سوچ کر رونے لگی

پھر اسے کب نیند نے اپنی حسار میں لیا اسے پتا ہی نہیں چلا

وہ تھکے ہوئے قدموں سے چلتا ہوا

لاؤنج میں آیا

اور صوفے پر بیٹھا

اسکا سر درد سے پھٹا جا رہا تھا

وہ اپنے سر کو دبانے لگا

اور سگریٹ نِکال کر اس کے کش بھرنے لگا

اس کا دماغ بہت سی الجھنوں میں الجھا ہوا تھا

اب جب میں حسن جیلانی سے اپنا انتقام لے چکا ہوں تو پھر کیا چیز ہے جو مجھے تنگ کر رہی ہے

وہ اپنے ماتھے پر بل سجائے غصے سے بھرا ہوا تھا

اپنی شرٹ کے اوپر کے دو بٹن کھول کے بازو فولڈ کرنے لگا پھر سب ٹینشن سے خود کو آزاد کر کے سونے لگا

کچھ دیر میں اسے نیند آگئی وہ وہی صوفے پر سو گیا

صبح میں اسے نیند سے جاگا تو پہلا خیال ہی اسے ماہ رُخ کا آیا اور ساری باتیں یاد آنا شروع ہو گئیں

حسنین نے پوری رات لاؤنج میں گزاری تھی

گردن اور کمر میں اِتنا درد ہے اس سے اَچّھا تھا شادی ہی نہیں کرتا سوفے پر تو نا سونا پڑتا

حسنین خود کو کوسنے لگا اور اٹھ کر کمرے کا رُخ کیا

وہ کمرے میں آیا ماہ رُخ صوفے پر بیٹھے بیٹھے سو رہی تھی

اس نے بھی رات سوفے پر سوتے گزاری ہے پاگل لڑکی وہ حیرانگی سے اسے صوفے پر سوتے ہوئے دیکھنے لگا

کچھ دیر تک وہ اپنا انتقام غصہ سب بھولے ماہ رخ کے پاکیزہ سرخ و سفید چہرے میں کھو سا گیا

پھر خود پر کنٹرول کرتا سَر جھٹک کر ڈریسنگ روم میں چلا گیا ماہ رُخ ابھی بھی نیند میں گم تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حسنین آفس جانے کے لیے تیار ہونے لگا پرفیوم کی بوتل اس کے ہاتھ سے گر گئی

ماہ رُخ ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھی لیکن اپنے سامنے حسنین شاہ کو دیکھ کر اسکے ہوش اڑ گئے

کیا ہوا اتنا ڈرنے والی بات تو نہیں تھی حسنین نے آئینے میں سے ماہ رُخ کو دیکھتے ہوئے کہا

ماہ رُخ نے کوئی جواب نا دیا سر جھکائے بیٹھی رہی

اسے کل سے رہ رہ کر رونا آرہا تھا ماہ رخ اسے اپنے گھر والوں کی یاد آنے لگی تو بہت سے

آنسو اسکی آنکھوں میں جمع ہونے لگے جنہیں ماہ رُخ نے بے دردی سے رگڑا

حسنین کی نظروں سے یہ سب چھپا ہوا نہ تھا لیکن وہ نظر انداز کیے اپنے کام میں مصروف رہا

حسنین کمرے سے باہر گیا تو ماہ رُخ ہاتھوں میں چہرہ چھپا کر رونے لگی

کیا ملا حسنین شاہ تمہیں کیوں تباہ کیا تُم نے مجھے میں تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی ماہ

رُخ خود سے باتیں کرنے لگی

حسنین باہر آیا تو گھر کے ملازم بھی آچکے تھے

حسنین نے اک ملازمہ کو اپنے پاس بلایا اور کچھ پیسے اسے تھمائے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ان پیسوں سے اچھے سے کپڑے لے کر آؤ حسنین کہہ کر چائے پینے لگا.

صاحب کس کے کپڑے لے کر آنے ہیں ملازمہ نے حیرانگی سے کہا

میری بیوی کے لے کر آنے ہیں حسنین نے نارمل سے لہجے میں کہتے ہوئے چائے کی سپ لینے لگا

صاحب آپ نے شادی کرلی مبارک ہو آپکو میں آج شام بی جان کے پاس جاؤں گی وہ مجھے نیک دیں گی ملازمہ نے خوشی سے کہا

نہیں کوئی ضرورت نہیں ہے

بی جان کے پاس جانے کی

ابھی میں نے گھر میں کسی کو نہیں بتایا حسنین نے ملازمہ کو ڈپٹا

جی صاحب ٹھیک ہے ملازمہ کو حسنین کے غصے کا پتا تھا

وہ بیچاری چُپ کر کے چلی گئی

ماہ رُخ اٹھ کر فریش ہونے چلی گئی وہ کل والے کپڑوں میں تھی

لیکن اسے اپنے حال کی کوئی پرواہ نہیں تھی وہ تو یہ سوچ سوچ کر پاگل ہو رہی تھی کہ حسنین شاہ اسے کیوں اٹھا کر لایا ہے اور اس کے بابا نے ایسا کیا کیا ہے جس کی اتنی بڑی سزا اسے ملی ہے

لیکن کوئی سرا اس کے ہاتھ نہیں لگ رہا تھا

آخر تھک ہار کر وہ سر پکڑ کر بیٹھ گئی

ملازمہ کمرے میں آئی تو ماہ رُخ کی خوبصورتی دیکھ کر اسکی آنکھیں خیرہ ہونی لگیں

بیگم صاحبہ کیا کھائیں گیں آپ ملازمہ آکر کمرا اسمیٹنے لگی

نہیں مجھے بھوک نہیں ہے ماہ رُخ نے مختصر ساجواب دیا

بیگم صاحبہ صاحب نے کہا ہے آپکو کھانا کھانا ہو گا

لیکن اپنے صاحب سے کہو میں نہیں کھا رہی کھانا ماہ رُخ نے بے زاری سے کہا

کیوں نہیں کھانا حسنین کی غصلی آواز کمرے میں گونجی ملازمہ کمرے سے چلی گئی

میری مرضی ماہ رُخ نے نظریں اپنے ہاتھوں پر مرکوز کی

نکاح کے بعد کونسی مرضی کیسی مرضی تمہاری اب میں جو کہوں گا وہ تُم کرو گی اور آج سے اس گھر کا کام تُم کرو گی

اس لیے کچھ کھا پی لو ورنہ کام کیسے کر سکو گی حسنین نے بے تاثر چہرے سے کہا اور بیڈ سے کوٹ اٹھانے لگا

لیکن مجھے کوئی کام کرنا نہیں آتا ماہ رُخ نے اٹک اٹک کر کہا

نہیں آتا تو سیکھ جاؤ گی میں ملازمہ سے کہہ دوں گا وہ سِکھا دے گی تمہیں حسنین نے حتمی فیصلہ سنایا

ماہ رُخ چُپ ہو گئی اسے پتا تھا اب کچھ بولنا فضول ہے

حسنین کمرے سے جانے لگا تو ماہ رُخ نے اسے مخاطب کیا

مجھے اکیلے ڈر لگتا ہے یہ کہتے ہوئے بہت سے آنسو نکل کر اس کے گال پر بہنے لگے

میں رات تک واپس آجاؤں گا لیکن اگر نہیں آیا تو تمہارے پاس رات کوئی ملازمہ ضرور رہے گی حسنین نا جانے کیوں اب نرم ہونے لگا تھا شاید اسے احساس ہو رہا تھا کے اس نے غلط کیا ہے

حسنین کمرے سے باہر گیا تو ماہ رُخ نے آنکھیں موند لیں

کہیں میں نے کچھ غلط تو نہیں کیا اور یہ تو بالکل انکی طرح دکھتی ہے شاید خُون کے رشتے ایسے ہی ہوتے ہیں حسنین کی آنکھوں کے سامنے اک پیارا اور پاکیزہ چہرہ چھن سے آیا

لیکن میں اپنا بدلا لوں گا ہر حال میں حسنین خود کو سمجھانے لگا اور گاڑی میں بیٹھ گیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com

.......

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

حسن صاحب میری بچی کل سے نہیں مل رہی آپ کیا کر رہے ہیں کہاں ہے آپکا اسٹیٹس کہاں ہے آپ کی پولیس فرزانہ بیگم نے چیختے ہوئے کہا

CLASSIC URDU MATERIAL

فرزانہ وہ میری بھی بیٹی ہے مجھے بھی آپ کی طرح دکھ ہے لیکن میں کیا کروں کسی کو کچھ پتا نہیں چل رہا کے ماہ رُخ کو کہاں لے جایا گیا ہے

اگر کسی کو میری پیسے سے مطلب ہوتا تو اب تک فون کر کے مجھے کہہ دیتے لیکن ابھی یہ سب ہو کیا رہا ہے سمجھ سے باہر ہے حسن صاحب نے سَر دباتے ہوئے کہا

آپ میرا کہا مان کیوں نہیں لیتے یہ ضرور کسی شاہ نے کیا ہے آپ وہاں جا کر پوچھ لیں فرزانہ نے اک بار پھِر سے کہا

اس بار حسن صاحب بھی چُپ ہو گئے اور پر سوچ انداز میں سر ہلا کر فرزانہ بیگم کو جواب دیا پھر اٹھ کر کمرے سے چلے گئے

حسنین آفس پہنچا تو جنید اس کے روم میں پہلے سے موجود تھا

کیسے ہو جنید۔۔

حسنین نے موبائل اور گاڑی کی چابی ٹیبل پر رکھتے ہوئے پوچھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

میں ٹھیک ہوں تُم کیسے ہو جنید حسنین کے فیصلے سے خوش نہیں تھا لیکن یہ بھی سچ تھا وہ حسنین سے دوستی نہیں توڑ سکتا تھا

میں بھی ٹھیک ہوں بس گردن میں درد ہے حسنین نے گردن پر ہاتھ رکھتے ہوئے کہا

کیوں کیا ہوا ڈاکٹر کو دکھایا جنید نے فکر مند لہجے میں کہا

نہیں یار ٹائم ہی نہیں ملا

ابھی بھی سیدھا آفس آیا ہوں اور آج بی جان کو بھی سب بتانا ہے حسنین نے پریشانی سے کہا

تمہیں کیا لگتا ہے بی جان کا ری ایکشن کیا ہو گا جنید اسے دیکھنے لگا

ناراض ہوں گی وہ لیکن میں اُنہیں منع لوں گا حسنین بی جان کو راضی کرنا اچھے سے جانتا تھا

اور بھابھی کو بھی اپنے ساتھ لے کر جاؤ گے جنید نے اگلا سوال کیا

نہیں وہ ابھی نہیں لے جاؤں گا کیوں کے حسن جیلانی کو پہلا شک ہی ہم پر ہو گا تو وہ بی جان کے پاس آئے گا اور اگر اس نے اپنی بیٹی کو دیکھ لیا تو میرا پلین خراب ہو جائے گا حسنین نے لیپ ٹاپ پر ٹائپنگ کرتے ہوئے کہا

حسنین جو ہوا سو ہوا تُم نے حسن جیلانی کی بیٹی بھی اغواہ کر لی اب ایک باپ کو یہ تو بتا دو کے اسکی بیٹی کہاں ہے کس حال میں ہے جنید کو سمجھ نہیں آ رہا تھا وہ حسنین کو کیسے سمجھائے

نہیں ابھی کچھ دن حسن جیلانی کو تڑپنے دو پِھر بتا دوں گا

اسنے عجیب سے انداز میں مسکراتے ہوئے کہا

اللہ سمجھادے تمہیں شاہ اور میں کیا کہہ سکتا ہوں جنید کہہ کر چلا گیا

.............

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

فرزانہ میں کل شاہ ہاؤس جاؤں گا اگر یہ انکا کیا دھرا ہے تو اس بار میں کسی کو معاف نہیں کروں گا حسن جیلانی نے غصے میں کہا

مجھے پورا یقین ہے میری بیٹی ان لوگوں کے پاس ہے اور مجھے میری بچی کسی بھی حال میں واپس چاہیے فرزانہ بیگم نے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا اور اٹھ کر کمرے سے باہر چلی گئی

مانو بس کرو ہم اللہ پاک سے دعا کر رہے ہیں نہ ماہ رخ مل جائے گے ہمیں سائرہ کب سے

مانو کو چُپ کرا رہی تھی لیکن وہ چُپ ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی

آخر میں سائرہ مانو کو آرام کرنے کا کہہ کمرے سی باہر نکل گئ

. . . . . . . . .

بیگم صاحبہ صاحب جی نے کہا تھا آپ کو گھر کا کام سکھا دوں آپ جلدی سے تیار ہو کر نیچے

آئیں اور یہ آپ کا سامان اور کپڑے صاحب نے منگوائے تھے ملازمہ نے سامان اور

کپڑوں سے بھرے شاپنگ بیگز بیڈ پر رکھے اور سب کچھ سمجھا کر کمرے سے چلی گئی

ماہ رخ خالی خالی نظروں سے اپنے سامنے پڑے مہنگے اور بھاری کپڑوں کو دیکھنے لگی پِھر اٹھ

کر مرے مرے قدم اٹھاتی فریش ہونے چلی گئ

ماہ رخ گرے ڈریس میں اپنے لمبے بالوں کا ڈھیلا جوڑا بنا کر کمرے سے باہر آئی

گھر میں ملازموں کی فوج تھی لیکن حسنین شاہ نے اتنے وسیع گھر کا کام اسی کو سونپا تھا وہ

سوچ سوچ کر پریشان ہو رہی تھی کے اگر اس سے گھر کا کام سہی سے سنبھالا نہیں گیا تو نا

جانے حسنین اس کا کیا حال کرے گا

فلحال وہ باقی ساری سوچیں اور پریشانیوں سے سر جھٹک کر چھوٹے چھوٹے قدم اُٹھاتی

لاؤنج میں آئی تو بہت سے ملازمین اسے دیکھنے لگیں

پہلے مجھے کو کنگ کرنا سکھا دیں وہ نا جانے کیوں گھبرا رہی تھی

پھر اپنے سامنے کھڑے بہت سے ملازمین کو دیکھتے ہوئے اس نے بات کا آغاز کیا

بیگم صاحبہ آئیے میں آپ کو کیچن میں لے کر چلتی ہوں

ان میں سے ایک عورت اسکے پاس تھی ماہ رخ نے اس عورت کو صبح اپنے کمرے میں دیکھا

تھا

اور آپ ٹینشن نا لیں بیگم صاحبہ میں آپ کو سارے کام کرنا سکھا دوں گی

ماہ رخ اسکی ہمراہی میں کچن تک آئی

آپ کانام کیاہے ماہ رخ نے اسے مخاطب کیا

جی میرانام نور ہے میں پہلے بی جان کے ساتھ انکے کام کرتی تھی

پھر حسنین صاحب نے یہ والا گھر لے لیاتب سے یہیں رہتی ہوں بی جان نے مجھے صاحب کی دیکھ بھال کے لیے یہاں بھیجا ہے

وہ عورت ساتھ ساتھ کام بھی کرتی جارہی تھی سبزی کاٹنے کے ساتھ ساتھ وہ اس کے سوالوں کا بھی جواب دے رہی تھی

اچھا ٹھیک ہے شکریہ اور آپ مجھے بیگم صاحبہ نا کہیں اگر آپ مجھے ماہ رخ کہہ کر مخاطب کریں گی تو مجھے زیادہ اچھا لگے گا وہ اپنی میٹھی سی آواز میں کہہ کر نور کے ہاتھ سے سبزی لینے لگی

لیکن میں کیسے وہ نور سامنے کھڑی اس لڑکی کو غور سے دیکھنے لگی جو اتنے بڑے گھر کی بہو ہونے کے بعد بھی کتنے شیریں لہجے میں بات کر رہی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیسے کیا مطلب اور میں کچھ نہیں جانتی آج سے آپ مجھے ماہ رخ ہی کہیں اب مجھے یہ سکھا دیں کے روٹی کیسے بنتی ہے ماہ رخ نے جیلانی حویلی میں کبھی کوئی کام نہیں کیا تھا

لیکن نصیب اور قسمت میں کیا لکھا ہے یہ بھلا کسے پتا ہوتا ہے

اچھا میں آپ کو سکھاتی ہوں آپ بس مجھے نوٹ کرتی جائیں نورا سے سائیڈ پر کر کے روٹیاں بنانے لگی وہ اس کی ایک ایک بات کو اچھے سے سمجھ رہی تھی

اچھا اب آپ ہٹ جائیں میں کوشش کرتی ہوں وہ کہہ کر اپنے بازو فولڈ کر کے روٹیاں بنانے لگی

اس نے پانچ سے چھ بار روٹی کو بڑھایا لیکن وہ ایک عجیب و غریب قسم کا نقشہ بن رہا تھا آخر میں ماہ رخ نے جھنجلا کر ہاتھ اوپر کیا تو اسکا ہاتھ گرم توے سے لگا اسکا ہاتھ جل گیا تھا

امی۔۔۔۔۔ماہ رخ کے ہونٹوں سے یہی لفظ باساختہ نکلا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

امی کہاں ہیں آپ ماہ رخ ہاتھ کو پکڑ کر نیچے بیٹھ گئی بہت سے آنسوں اسکی آنکھوں سے باڑ توڑ کے نکل آئے اسے اتنی جلن نہیں ہو رہی تھی جتنا اسے اندر سے درد کھا رہا تھا اسے تو بہانہ چاہیے تھا رونے کا لیکن پھِر

حسنین کے الفاظ اس کے کانو میں گونجے وہ پِھر سے اٹھ کھڑی ہوئی اور اپنی آنکھیں رگڑ کر نور کی ساتھ ہلکی سی مسکرائی وہ نہیں چاہتی تھی اسکی زندگی کے ساتھ جو ہوا ہے وہ کسی کے سامنے آئے

اور اگر آج کل کی لڑکیاں بھی خود کو مظلوم ظاہر کرنے کے بجائے خود اپنی زندگی میں آنے والی ساری مشکلوں کو حل کریں تو کبھی کسی لڑکی کا گھر خراب نا ہو

وہ بھی اسی سوچ کی مالک تھی کے وہ کسی کو اپنے اوپر ہنسنے کا موقع نہیں دینا چاہتی تھی

اور اٹھ کر اپنے جلے ہوئے ہاتھ سے روٹیاں بنانے لگی

ماہ رخ بی بی آپ کا ہاتھ جل گیا ہے آپ رہنے دیں میں بنا لوں گے آپ بعد میں سیکھ لینا

ملازمہ نے اس کے جلے ہاتھ کو دیکھتے ہوئے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

نہیں مجھے درد نہیں ہوتا اب تُم صرف مجھے سمجھاتی جاؤ ماہ رخ کہہ کر چُپ ہو گئی

ماں باپ کے لیے بیٹیاں سب کچھ قربان کر سکتی ہیں، یہاں تک کے اپنی زندگی بھی تباہ کر دیتی ہیں، اور ہمیں نہیں پتا کل کو ہماری زندگی میں کیا ہونے والا ہے کونسی آزمائش ہمارے لیے منتظر ہے اس لیے خود کو آنے والے وقت کے لیے ماہ رخ جیسی لڑکیوں کو تیار رہنا چاہیے.

عورت ہر چیز سے لڑ سکتی ہے بس اس میں ہمت ہونی چاہیے

......

اچھا جنید اب میں چلتا ہوں بی جان کو سب بتانا ہے

جنید اس کے آفس میں آیا تو وہ کہیں جانے کے لیے اپنے کیبن سے نکل رہا تھا

اچھا ہے میں تمہارے اس ایک فیصلے میں تمہارے ساتھ جنید نا چاہتے ہوئے بھی اپنی ناراضگی کا اظہار کر گیا

میں سمجھ رہا ہوں تمہارے تعنے اور باتیں لیکن ابھی میں تمہیں کچھ سمجھانے سے قاصر ہوں

اب چلتا ہوں اللہ حافظ اسکے شانے پر ہاتھ رکھ کی آگے بڑھ گیا

جنید کی نظروں نے تب تک اس کا پیچھا کیا جب تک وہ اسکی آنکھوں سے اوجھل نہیں ہوا

حسنین آفس سے سیدھا شاہ ہاؤس پہنچا

وہ گھر میں داخل ہوا تو بی جان صوفے پر بیٹھی تسبیح پڑھ رہیں تھیں

حسنین کو اتنے دن بعد دیکھ کر انکا چہرہ کھل اٹھا تھا نہیں پتا تھا کے حسنیں کام کی وجہ سے کبھی کبھی گھر نہیں آتا تھا

آگئے کہاں تھے اور گھر پر فون بھی نہیں کیا کل سے کام میں اتنے گم ہو کے پیچھے سے گھر والوں اور بی جان کا خیال ہی نہیں رہتا آپ کو

کل سے میں تمہارا انتظار کر رہی ہوں تھے کہاں تم


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

بی جان ابھی تو آ گیا ہوں نا آپ کے سارے سوالوں کے جواب دوں گا وہ بی جان کا ہاتھ اپنے مضبوط ہاتھوں میں لے کر دھیمے لہجے میں کہنے لگا

اب پھر تمہارا کوئی کام کا بہانا ہو گا ہمیشہ ایسا ہی کرتے ہو تم اس بار تو میں بھی تمہاری باتوں میں نہیں آؤں گی بی جان نے بھرپور ناراضگی کا اظہار کیا

لیکن آپ مجھ سے زیادہ دن ناراض نہیں رہ سکتیں مجھے پتا ہے

حسنین آپ کب آئے حنا نے اسے بی جان کے ساتھ دیکھا تو اسکے پاس آئی

ابھی ابھی آیا ہوں اور بڑے ابو گھر پر ہیں یا آفس وہ احمد صاحب کا پوچھنے لگا

ابو گھر پر ہیں آج نہیں گئے وہ آفس۔

حنا نے اسے جواب دیا

حنا تو آپ بڑے ابو اور بڑی امی کو بلا کر لائیں مجھے ضروری بات کرنی ہے ان سے اسنے گہرہ سانس لیتے ہوئے کہا وہ زندگی میں پہلی بار اپنے کسی عمل سے ڈر رہا تھا وہ نہیں جانتا تھا کے بی جان کا ری ایکشن غصے میں ہو گا اور آج تک وہ بی جان کی کسی بات کو رد نہیں کرتا آیا تھا

لیکن اس بار اسکی غلطی بہت بڑی تھی خاص کر بی جان کے سامنے لیکن وہ کب تک بی جان کو دھوکے میں رکھتا

جی میں بلا کر لاتی ہوں حنا آحمد صاحب اور نصرت بیگم کو بلانے چلی گئی

کیا بات ہے حسنین کیا کیا ہے تُم نے بی جان اسکے چہرے کو پڑھنا جانتی تھی اس لیے انہیں پہلے سے ہی کسی آن ہونی کا خدشہ محسوس ہونے لگا

بی جان ابھی پتا لگ جائے گا آپکو حسنین نے بی جان کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑ لیا

آ گئے برخودار کہاں غائب تھے کل سے آحمد صاحب لاؤنج میں داخل ہوے تو اسے ڈپٹتے ہوئے کہا

اور حسنین کے سامنے والے صوفے پر بیٹھ گئے نصرت بیگم اور حنا بھی انکے ساتھ تھیں

بی جان اور بڑے ابو میں نے اپنا بدلا لے لیا حسن جیلانی سے

بی جان نے اس کے ہاتھ میں اپنے ہاتھ کو دیکھا اور انہوں نے اپنے ہاتھ کو اسکی گرفت سے آزاد کرنا چاہا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

حسنین نے ان کا ہاتھ چھوڑ دیا

کیا کیا ہے تم نے شاہ تم نے میری بات کو اہمیت نہیں دی بی جان اسے غصے بھری نظروں سے دکھا جو اپنا سر جھکائے ہوئے بیٹھا تھا

بی جان میں نے حسن جیلانی کی بیٹی سے نکاح کیا ہے یہ کہہ کر وہ خود کو بی جان کے رد عمل کے لے تیار کرنے لگا

یہ کیا بکواس ہے شاہ تم نے کب نکاح کر لیا اور ہمیں بتانا تک گوارا نہیں کیا بی جان نے اس کے چہرے پر اتار چڑھاؤ کو دیکھتے ہوئے کہا

ہاں بی جان میں نے نکاح کر لیا اور میں نے حسن جیلانی کی بیٹی سے زبردستی نکاح کیا ہے وہ بولنا شروع ہوا تو سب کچھ بولتا چلا گیا

اسکی چلتی ہوئی زبان بی جان کے تھپڑ سے بند ہوئی زندگی میں پہلی بار بی جان نے اس پر ہاتھ اٹھایا تھا

وہ اپنے چہرے پر ہاتھ رکھے بی جان کو دکھ سے دیکھنے لگا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیا دیکھ رہے ہو یہ تھپڑ تو مجھے تبھی لگا دینا چاہیے تھا جب تم نے انتقام بدلے کی رٹ لگائی ہوئی ی تھی لیکن افسوس میں نے آج تک پر ہاتھ نہیں اٹھایا اگر پہلے اٹھاتی تو آج یہ نوبت نا آتی

تم نے میرے پرورش پر سوالیہ نشان اٹھا دیا ہے آج۔۔ یہ سب تو میں نے تمہیں نہیں سکھایا تھا

کس منہ سے میرے پاس آئے ہو اب میں مر جاتی پھر آتے تم اور تب بھی میں تمہیں اپنا چہرہ نا دکھاتی سچ کہتے ہیں ماں کوئی نہیں بن سکتا اسی طرح آج مجھے سبق ملا ہے کے میں کبھی تمہاری ماں کی طرح نہیں بن سکی

بی جان نے روتے ہوئے کہا

بی جان ایسا نہیں ہے وہ تڑپ اٹھا تھا

نہیں کہو مجھے بی جان مر گئی تمہارے لیے آج سے بی جان جاؤ چلے جاؤ یہاں سے

جاؤ شاہ میں ابھی تمہارا چہرہ تک نہیں دیکھنا چاہتی بی جان کا سانس پھولنے لگا

بھی جان آپ میری بات تو سن لیں وہ بی جان کے قدموں میں بیٹھ گیا

مجھے کچھ نہیں سننا چلے جاؤ یہاں سے نہیں تو میرا مرا ہوا منہ دیکھو گے بھی جان نے کانپتی آواز میں کہا

حسنین اٹھ کھڑا ہوا اور احمد صاحب کے پاس گیا بڑے ابو آپ تو میری بات سمجھیں حسنین نے آخری کوشش کی

حسنین بہت غلط کیا ہے تُم نے میں نے تمہیں کہا بھی تھا تمہیں ابھی آدھا سچ پتا ہے لیکن تُم نے جلد بازی کر کے سب کچھ تباہ کر دیا احمد صاحب نے حسنین کو دیکھنے سے گوریز کیا

اور بی جان کے پاس گئے جنکی طبیعت خراب ہونا شروع ہو گئی تھی

احمد اسے کہو وہ بچی مجھے آج شام تک اس گھر میں چاہیے سہی سلامت اس بچی کا کیا قصور ہے یہ تو سب رشتے بھول بیٹھا ہے جس کو بیوی بنایا ہے اس کا پہلے سے اس گھر میں اک رشتہ تھا لیکن اسے کب پرواہ تھی بی جان نے اسے دکھ سے دیکھتے ہوئے کہا اور حنا کا سہارا لے کر اپنے کمرے میں چلی گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حسنین نے اپنے ہاتھوں کو مٹھی کی صورت بند کیے اور باہر کی جانِب قدم بڑھا دیے

کیوں کے اب اسے بی جان کو اور تکلیف نہیں دینی تھی وہ ماہ رخ کو لے آنے کے لیے روانہ

ہوا

. . . . . . . . . . .

حسن کہاں جا رہے ہیں آپ فرزانہ بیگم نے حسن شاہ کو گاڑی کی چابی اُٹھاتے ہوئے دیکھا تو

مخاطب کیا

شاہ ہاؤس جا رہا ہوں احمد جیلانی نے مختصر جواب دیا اور کمرے سے باہر قدم بڑھائے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

. . . . . . .

ماہ رخ پورے گھر کا کام کر کے کمرے میں آرام کرنے کے غرض سے آئی تو اے. سی کی

کولنگ کمرے میں بہت تھی اسے نیند آنے لگی اسنے ٹائم دیکھا تو پانچ کا ٹائم ہو رہا تھا وہ

سونے کا سوچتے ہوئے اپنا دوپٹہ صوفے پر رکھ کر خود بیڈ پر لیٹ گئی

حسنین گھر پہنچا تو لاؤنج میں چند ملازمین اسے نظر آئے وہ خود کو ریلیکس کرنے کے غرض

سے لاؤنج میں بیٹھ گیا ابھی اس کا دِل ماہ رخ کو دیکھنے کا نہیں کر رہا تھا اسے لگ رہا تھا وہ اپنا

سارا غصہ ماہ رخ پر نکال دیگا

لیکن کب تک وہ ایسے ہی بیٹھا رہتا بی جان کا حکم تھا کے وہ ماہ رخ کو بی جان کے پاس لے کر

جائے گا

وہ آرام سے چلتا ہوا اپنے کمرے میں آیا تو وہ سوئی ہوی نظر آئی وہ اسکے وجود کو نظر انداز کرتا

ہوا فریش ہونے چلا گیا واپس آیا تو ماہ رخ ابھی بھی دُنیا جہاں سے بے خبر نیند میں گم تھی

حسنین کی نظر اسکے جلے ہوئے ہاتھ پر پڑی تو نا جانے کیوں اسکی نظریں جھک گئیں وہ کچھ

دیر تک ڈریسنگ ٹیبل پر اپنے ہاتھ رکھے جھکا کھڑا رہا اور پھر وہ ماہ رخ کے پاس آ کر بیٹھ گیا

اسکے جلے ہوئے ہاتھ کو اپنے ہاتھ میں لینے لگا لیکن وہ ایسا نہیں کر سکا وہ خود کو گناہ گار تصور

کر رہا تھا وہ اسکے اوپر اچھے سے چادر ڈال کر جلدی .سے اٹھ کر کمرے سے باہر نکلتا چلا گیا

ایک آنسو چُپکے سے ماہ رخ کے گال پر پھسلتا چلا گیا اس نے اپنی آنکھیں کھولی تو وہ کمرے میں نہیں تھا وہ جاگ رہی تھی لیکن اس کا دِل نہیں کر رہا تھا حسنین کو دیکھنے کا

تم اب کیوں اتنی ہمدردی دکھا رہے ہو آخر کیوں حسنین شاہ کیوں کیا آپ نے میرے ساتھ ایسا وہ خود سے باتیں کر رہی تھی وہ صرف روئی تھی ان دودنوں میں اور ابھی بھی وہ اپنا چہرہ تکیے میں چھپا کر رونے لگی

وہ نیچے لاؤنج میں آیا تو سگریٹ کے کش لینے لگا جب وہ پریشان ہوتا تھا تو اسکی عادت تھی وہ سگریٹس زیادہ پیتا تھا

حسنین نے پیر ٹیبل پر رکھے اور صوفے پر آنکھیں بند کیے سگریٹ پی رہا تھا جب اسکے موبائل پر کال آئی

اس نے بے زاری سے فون اٹھایا

ہاں بولو جنید اسے پتا تھا جنید کی کال ہو گی

حسنین کیسے ہو اور تم نے بتایا بی جان کو جنید فکر مند لہجے میں پوچھنے لگا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ہاں بتادیا اور بی جان کا حکم ہے انکی بہو کو گھر لے کر آئوں حسنین کی آنکھیں درد کر رہی تھیں

تو کیا کہا تُم نے اور بھابی کو لے کر جا رہے ہو پِھر جنید کی جانِب سے اگلا سوال ہوا

ہاں آج شام لے کر جاؤں گا اور ابھی میں کال کاٹ رہا ہوں سَر میں دَرد ہے حسنین نے کہہ کر فون ٹیبل پر پھینکا اور پِھر صوفے سے ٹیک لگا کر لیٹ گیا

ابھی صرف وہ خود کو نارمل رکھنا چاہتا تھا

حسن جیلانی شاہ ہاؤس پہنچے تو گارڈ نے انہیں باہر گیٹ پر روک لیا

سَر آپ اندر نہیں جا سکتے آپکو جس سے ملنا ہے بتادیں گارڈ نے کہا

اندر جاؤ اور کہو حسن جیلانی آیا ہے حسن جیلانی نے غصے میں کہا

گارڈ نے اندر فون کر کے حسن جیلانی کے آنے کی اطلاع احمد صاحب کو دی

اَحمد صاحب کچھ دیر میں خود باہر گھر سے باہر نکل آئے اور حسن جیلانی کی گاڑی کی طرف آئے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

آجاؤ حسن آحمد صاحب نے ہاتھ ملاتے ہوئے کہا

حسن جیلانی آحمد صاحب کی ہمراہی میں چلتے ہوئے گھر کے اندر داخل ہوئے اس دوران دونوں خاموش رہے

بی جان حسن جیلانی آیا ہے آحمد صاحب نے بی جان کو مخاطب کیا

بی جان تخت سے اٹھی اور گرم جوشی سے حسن صاحب سے ملیں کیسے ہو حسن بی جان نے ان سے خیر خیریت دریافت کی

اور انہیں اپنے سامنے رکھے صوفے پر بیٹھنے کا اشارہ کیا۔۔۔

میں ٹھیک ہوں لیکن میری بیٹی کہاں ہے بی جان حسن صاحب نے لہجے کو ذرا دھیمہ رکھا

بی جان اور آحمد صاحب نے اک دوسری کو دیکھا

حسن تمہاری بیٹی محفوظ ہے بی جان نے اتنا سا جواب دیا اور اپنی نظریں چورانے لگیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تو میر اشک سہی نکلا میری بیٹی آپ لوگوں کو پاس ہے کیوں کیا یہ سب کیا قصور تھا میری بچی کا بی جان اور کہاں ہے میری ماہ رخ مجھے اپنی بچی سے ملنا ہے حسن جیلانی زخمی شیر کی طرح لگ رہے تھے انہیں دھچکا لگا تھا

تمہارے بھانجے کے پاس ہے تمہاری بیٹی بی جان نے تحمل سے جواب دیا

بی جان میں سمجھا نہیں بات کو حسن صاحب نے سوالیہ نظروں سے بی جان کو دیکھا

مطلب ہانیہ کے بیٹے نے شادی کر لی ہے تمہاری بیٹی سے ہانیہ کو تو جانتے ہو گے نا

۔بی جان نے اپنے لہجے کو سر سری سا رکھا لیکن انکی بات میں ایسا بہت کچھ تھا جس سے حسن صاحب کے آنکھوں میں پانی آگیا ہانیہ جیلانی کا خوبصورت چہرہ انکی آنکھوں کے سامنے چھن سے اکر کر غائب ہو گیا

بی جان یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں میری ہانیہ کو میں کیسے بھول سکتا ہوں لیکن ہانیہ کا بیٹا کیسے کر سکتا ہے سب میں نے تو سنا تھا وہ بھی ہانیہ اور حماد کے ساتھ تھا اس حادثے میں اور اس نے

میری بیٹی کو کیوں اُٹھایا حسن صاحب کا سَر گھوم رہا تھا سوچ سوچ کر وہ تو آج تک یہی سمجھتے آئے تھے کے حسنین بھی نہیں رہا اس دنیا میں لیکن یہ سب کیا تھا جو وہ ابھی سن رہے تھے

حسن حسنین اس رات میرے ساتھ وہ حماد لوگوں کے ساتھ نہیں تھا اور حسنین کو لگتا ہے اس کے باپ کو تم نے مروایا ہے وہ تب 8 سال کا بچہ تھا جب یہ سب ہوا اسے ہم نے پوری سچائی نہیں بتائی تھی لیکن وہ اپنے وعدے کا پکا نکلا اور تم سے بدلہ لینے کے لیے تمہاری بیٹی سے نکاح کیا

بی جان وہ سب اک حادثہ تھا اور میں نے نہیں مارا حماد اور رہانیہ کو میں کیوں ماروں گا اپنی بہن اور اسکے سہاگ کو حسن صاحب کا غصہ اب جھاگ کی طرح بیٹھ گیا تھا بہت سال پہلے میری بہن نے پسند سے شادی کی تھی حماد سے لیکن میری بیٹی تو پسند نہیں کرتی تھی حسنین کو پھر اس نے میری بیٹی سے کس گناہ کا بدلہ لیا وہ مجھ سے لے لیتا بدلا لیکن اس نے کیوں کیا ماہ رخ کے ساتھ ایسا حسن صاحب نے اپنی آنکھوں میں آئی نمی کو صاف کرتے ہوئے کہا

حسن ماہ رخ ویسے بھی ہماری امانت تھی ہانیہ ہمیشہ کہتی تھی میں اپنے حسنین کے لیے ماہ رخ لوں گی تو اب اس کی خواہش پوری ہو گئی ہو گی بی جان نے اسے حسن سے ہانیہ کی سالوں پرانی خواہش کا اظہار کیا

بہت سے آنسو بی جان کی آنکھوں سے نکل آئے

لیکن بی جان اس طرح سے رشتے نہیں بنتے ہانیہ نے ہماری عزت کا نہیں سوچا وہ حماد کو پسند کرتی تھی اس نے ہمیں دھوکا دے کر بھاگ کر شادی کر لی لیکن میری بچی معصوم ہے میں یہ فریاد لے کر اب کہاں جاؤں حسن صاحب رونے لگے انکی نازوں سے پلی بیٹی ان کے گناہ کی سزا کاٹ رہی تھی جو گناہ حسن سے سرزد ہوا ہی نہیں تھا

بی جان آپ حسنین کو بلائیں میں بات کروں گا اس سے آج سب صاف کھل کر آنا چاہیئے

حسن صاحب نے سنجیدگی سے کہا

حسن آج اک بڑھی دادی تم سے اپنے پوتے کی خوشیوں کی بھیک میں مانگ رہی ہے ابھی حسنین کچھ نہیں سمجھے گا اسے سب جھوٹے لگیں گے تم کچھ ٹائم دے دو پھِر آنا یا میں خود بلا لوں گی تمہیں

لیکن ابھی کچھ بھی مت کرو جو جیسا چل رہا ہے چلنے دو بی جان نے حسن صاحب کے سامنے ہاتھ جوڑ لیے

یہ کیا کر رہی ہیں آپ بی جان حسن صاحب اٹھ کر بی جان کے پاس آئے اور ان کے ہاتھ پکڑ لیئے

بی جان لیکن میری ماہ رخ اس کا کیا ہو گا حسن صاحب نے پریشانی سے کہا

میں وعدہ کرتی ہوں تمہاری بیٹی خُوش رہے گے یہاں اور حسنین کو تمہاری ماہ رخ سمجھا سکتی ہے میاں بیوی کے رشتے میں بہت طاقت ہوتی ہے وہ سدھار لے گی حسنین کو بی جان نے مسکراتی آواز میں کہا

لیکن بی جان اگر اس نے میری بچی کو کچھ کیا تو حسن صاحب فکر مند سے کہنے لگے

کچھ نہیں کرے گا حسنین ایسا نہیں ہے وہ صرف دکھ اور تکلیف میں ہے لیکن

مجھے اس پر یقین ہے وہ کسی عورت پر کبھی ہاتھ نہیں اُٹھائے گا اور جو غلطی اس نے کی ہے

اس کا احساس بھی بہت جلد اسے ہو گا بی جان نے حسن صاحب کو یقین دہانی کرائی

ٹھیک ہے بی جان لیکن صرف دو ماہ انتظار کروں گا

اس کے بعد میں پھر سے واپس آؤں گا حسنین میری ہانیہ کا بیٹا ہے پورے گھر کی جان تھی

ہانیہ کے اندر لیکن کون جانتا تھا اتنی جلدی وہ سب کچھ ختم کر جائے گی

لیکن اب میں چلتا ہوں میری بچی کا خیال رکھیے گا آپ سب

بہت معصوم ہے وہ موم کا دِل ہے اس کا اور ان شاءاللہ ، اللہ نے چاہا تو وہ حسنین کو سیدھی

راہ پر لے آئے گی حسن صاحب کہہ کر اٹھ کھڑے ہوئے اور بی جان سے مل کر احمد

صاحب کے ساتھ باہر آئے

اَچھّا احمد اب میں چلتا ہوں میری بچی کا خیال رکھنا حسن صاحب احمد صاحب سے ملتے ہوئے

کہنے لگے

تم ٹینشن نہیں لو میرے لیے وہ حنا جسی ہو گی ہم تمہاری بچی کا اچھے سے خیال رکھیں گے اور آج حسنین ماہ رخ کو گھر لے آئے گا

میں تمہاری بات کرادوں گا فون پر ماہ رخ سے احمد صاحب نے ان کی پریشانی بھانپتے ہوئے کہا

اچھا میں انتظار کروں گا پھر تمہارے فون کا اب اجازت دو حسن اور احمد صاحب نے آپس میں مصافہ کیا اور حسن صاحب اپنی گاڑی میں بیٹھ کر گھر کے لیے روانہ ہوئے

..............

حسنین ماہ رخ کو نیند سے اٹھانے کی غرض سے کمرے میں آیا تو وہ پہلے سے نیند سے جاگ چکی تھی

جلدی سے اچھی طرح تیار ہو جاؤ

میں آج تمہیں اپنے گھر والوں کے پاس لے جا رہا ہوں یہاں تمہاری وجہ سے رہنا پڑ رہا تھا

اور وہاں جا کر تم سب سے کہو گی تم میری ساتھ خُوش ہو حسنین نے اسے دھیمے لہجے میں کہا

ماہ رخ نے کوئی جواب نہ دیا اور فریش ہونے چلی گئی واپس آئی تو حسنین لیپ ٹاپ پر کام کر رہا تھا

وہ گھبرا رہی تھی یوں حسنین کے سامنے تیار ہونا اسے عجیب لگ رہا تھا

لیکن وہ اپنے قدم اُٹھاتی آئینے کے سامنے کھڑی ہوئی لائٹ پنک ڈریس میں وہ بہت نکھری ہوئی لگ رہی تھی

وہ اس کمرے سے بھاگ جانا چاہتی تھی لیکن یہ بھی حسنین کا حکم تھا کے وہ اسی کمرے میں تیار ہو گی اور اسکی ہر بات مانے گی تو وہ کیسے ٹال سکتی تھی

وہ ڈریسنگ ٹیبل سے برش اٹھا کر اپنے سلکی بالوں میں پھیرنے لگی

ماہ رخ کو اپنے اتنے لمبے بال پسند نہیں تھے وہ کبھی کبھی اپنے بالوں سے تنگ آ جاتی تھی

لیکن سب کو اس کے بال پسند تھے تو وہ کٹنگ نہیں کرواتی تھی

حسنین یہ سب غور سے دیکھ رہا تھا کے ماہ رخ کو بالوں میں برش کرنے سے مشکل ہو رہی ہے لیکن اسے ماہ رخ کو غصے میں دیکھنا اچھا لگ رہا تھا آخر تھک ہار کر ماہ رخ نے اپنے بالوں کو سلجھا لیا اور انکا جوڑا کیا

پھر سر پر اچھے سے حجاب کرنے لگی حسنین کی اک ہارٹ بیٹ مس ہوئی اسکا دل عجیب ہی دھن گا رہا تھا وہ سر جھٹک کر خود ڈپٹا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا

------

ماہ رخ اسکی نظریں اپنے وجود پر محسوس کر رہی تھی لیکن اسکے کمرے سے جاتے ہی اسنے سکون کا سانس لیا

وہ حجاب کر کے ابھی کمرے سے نکلنے والی تھی کے نور کمرے میں آئی

ماہ رخ بی بی آپ کو حسنین صاحب بلا رہے ہیں نور نے اپنی آنکھیں اس پر سے ہٹا دی وہ نہیں چاہتی تھی کے ماہ رخ کو اسکی نظر لگ جائے

اچھا بس میں آ رہی ہوں اور آپ بھی آتی رہنا نا حسنین کے گھر۔۔ پھر ہم مل لیا کریں گے

اسنے نور کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے کہا

جی میں آؤں گی وہاں ابھی آپ جلدی سے چلیں صاحب غصے کے تیز ہیں کہیں آپ پر

غصہ نا کریں نور نے ڈرتے ہوئے کہا

وہ نور سے مل کر باہر پارکنگ کی طرف آئی اور گاڑی میں بیٹھی

حسنین پہلے سے ہی ڈرائیونگ سیٹ پر موجود تھا وہ فرنٹ سیٹ پہ بیٹھ گئی ماہ رخ کو حسن

صاحب اور فرزانہ بیگم شدت سے یاد آنے لگے

وہ پھر سے وہی سب یاد کرنے لگی کے کیسے حسنین نے اس سے زبردستی نکاح کیا تھا

بہت سے آنسو اس کے گال پر آئے اسنے بے دردی سے اپنے آنسوں صاف کیے وہ نہیں

چاہتی تھے حسنین اسے روتا ہوا یا کمزور پڑتا دیکھے

وہ شاہ ہاؤس پہنچے تو حسنین نے اسے بھی گاڑی سے اترنے کا کہا

وہ اپنا بھاری ڈریس سنبھالتی ہوئی گاڑی سے نکلی یہ بھی حسنین کا حکم تھا کے اسے اتنا بھاری ڈریس پہن کر شاہ ہاؤس چلنا ہو گا

وہ آرام سے چلتی ہوئی اسکے پیچھے پیچھے شاہ ہاؤس میں داخل ہوی اسے وہ گھر نہیں محل لگ رہا تھا محل سے کم تو جیلانی ہاؤس بھی نہیں تھا جہاں وہ پلی بڑھی تھی وہ اپنے انسوں پیتی اسکے پچھے ہی چل رہی تھی

اسے ڈر تھا کے پتا نہیں حسنین کے گھر والے اس سے کیسا سلوک کریں گے لیکن اسکی سب سوچوں کو بریک تب لگا جب اسکے اوپر گلاب کی پتیوں کی بارش ہوی وہ حیران وپریشان اپنے سامنے ہنستے ہوے لوگوں کو دیکھنے لگی جو اس کے آنے کا بے چینی سے انتظار کر رہے تھے

سب سے پہلے بی جان نے آگے بڑھ کر اسے اپنے سینے سے لگایا

وہ بی جان کی گرم جوشی سے ملنے پر بہت خوش ہوی تھی

پھر باری باری سب نے اسے اپنا تعارف کرایا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

بی جان اسے اپنے حصار میں لیے لاونج میں لے کر آئی

حسنین تب تک اس سب میل جول سے اکتا چکا تھا اس لیے وہ اپنے کمرے میں چلا گیا

ماہ رخ آہستہ آہستہ سب کے ساتھ گھل مل رہی تھی اسے حسنین کے گھر والے بہت پیارے لگے تھے

وہ دل سے مشکور تھی اتنی پیار اور عزت کا جو بس کچھ ہی گھنٹوں میں اسے ملا تھا

حنا حسنین اپنے کمرے میں ہو گا اسے وہیں کھانا دے کر آو بی جان کو حسنین کی فکر ستا رہی تھی

جی بی جان میں دے کر آتی ہوں انہیں کھانا اور باقی سب نے ایک ساتھ کھانا کھایا

حنا بہو کو حسنین کے کمرے تک چھوڑ کر آو بی جان کو جب نیند آنے لگی تو وہ حنا سے کہنے لگی

جی بی جان اسنے صرف مختصر جواب دیا اور ماہ رخ کو لیے حسنین کے کمرے کے جانب قدم بڑھائے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اسے کمرے کے باہر ہی چھوڑ کر جب پیچھے مڑی تو اسکی نظر ماہ رخ کے چہرے پر پڑی اسکا ضبط کے مارے منہ لال ہو گیا تھا

حنا نے اسکے شانے پر ہاتھ رکھا تو اسنے چونک کر اسے دیکھا

کچھ نہیں اتنی ٹینشن نہیں لو اور حسنین دل کے برے نہیں ہیں اللہ نے چاہا تو بہت جلد سب ٹھیک ہو جائے گا اب تم جاؤ اندر حنا نے اسے اندر بھیجا اور خود واپس مڑ گئی

اسنے جیسے ہی کمرے میں قدم رکھا تو حسنین اسے کھڑکی کے سامنے کھڑا کسی سے فون پر بات کرتا نظر آیا وہ وہیں اس خوبصورت بلیک اور وائیٹ کو مینشن میں اچھے سے ڈیکوریٹ اس کمرے کو دیکھنے لگی

حسنین فون کال سے فارغ ہوا تو اس کی نظر ڈری سہمی سی ماہ رخ پر گئی جو سر جھکائے کسی مجرم کی طرح کھڑی تھی

حسنین کو اب خود غصہ آ رہا تھا کے وہ کچھ بولتی کیوں نہیں اپنے دفاع میں بات کیوں نہیں کرتی لیکن ابھی کے لیے وہ اپنے ذہن سے باقی ساری سوچوں جھٹک کر فریش ہونے چلا گیا

واپس آیا تو ماہ رخ کی غیر دماغی دیکھ کر اسے غصہ تو بہت آیا لیکن وہ چپ رہا

سو جاؤ ایسے کیا کھڑی ہو نیند نہیں آ رہی وہ دھیمے لہجے میں بات کرنے لگا

آ رہی ہے لیکن میں کہاں پر سوؤں ؟ اسنے عجیب سوال کیا لیکن حسنین نے اگے سے جواب دیا

کہیں بھی سو جاو بس بیڈ پر نہیں سو سکتی اب جلدی سے سو جاو مجھے بھی نیند آ رہی ہے وہ

اسے کہہ کر خود سونے کے لیے بیڈ پر لیٹ گیا

جب کے ماہ رخ نے جلدی سے فریش ہو کر پہلے نماز ادا کی پھر سونے کے لیے لیٹی اور خود کو سر سے لے کر پیر تک چادر میں چھپا لیا

حسنین رات کے کسی پہر آنکھ کھلی تو وہ خود کو اچھے سے چھپائے نیند میں گم تھی

حسنین کے چہرے پر مسکراہٹ دوڑ گئی

اور وہ پھر سے سونے کی کوشش کرنے لگا

------

حسنین کی آنکھ کھلی تو ماہ رخ نماز پڑھ رہی تھی حسنین بنا پلک جھپکائے اسے دیکھنے لگا

وہ نماز پڑھ کر دعا کرنے لگی بہت سے آنسو اس کے گال بھگو گئے

وہ دِل ہی دِل میں دعا کرنے لگی ماہ رخ کو حسنین کی آنکھوں کی تپش اپنے اوپر محسوس ہوئی لیکن وہ دعا میں مصروف رہی اور اٹھ کر جائے نماز کو تہہ لگا کر رکھا پھر قرآن پاک کی تلاوت کرنے لگی

حسنین کا دِل نہیں کر رہا تھا کہ وہ اپنی نظریں ماہ رخ سے ہٹائے

ماہ رخ کو اب حسنین سے کوئی دشمنی نہیں تھی نا جانے کیوں لیکن ماہ رخ کو حسنین دِل کا برا نہیں لگتا تھا

وہ بھی سر جھٹک کر بستر سے اٹھا اور فریش ہونے چلا گیا

آج نماز نہیں پڑھ سکا لیکن قصہ پڑھ لی اور موبائل فون اٹھا کر کمرے سے باہر چلا گیا

. . . . . . .

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

حسن آپ نے میری بچی وہاں اکیلی چھوڑ دی ہے نا جانے کس حال میں ہو گی میری بچی فرزانہ بیگم کو جب سے حسن صاحب نے بتایا تھا وہ بن پانی کی مچھلی کی طرح تڑپ رہیں تھیں

کچھ نہیں ھو گا آپ خوامخواہ میں ٹینشن لے رہی ہیں اور بی جان نے وعدہ کیا ہے وہ ہماری ماہ رخ کا خیال رکھے گیں حسن صاحب نے فرزانہ بیگم کو تحمل سے سمجھایا

حسن میری جان جا رہی ہے آپ بول رہے ہیں ٹینشن نہ لوں بس مجھے اپنی بچی کو ایک بار دیکھنا ہے صِرف ایک بار فرزانہ بیگم ماں تھی ماں کو تو تب تک سکون نہیں ملتا جب تک وہ اپنے بچے کو اپنے آنکھوں سے نہ دیکھ لے

فرزانہ بیگم صِرف دو مہینوں کی بات ہے پِھر آپ کی بیٹی آپ کے پاس ھو گی میں لے کر آؤنگا اپنی ماہ رخ کو آپ مجھ پر اعتبار کر لیں میں نہیں چاہتا یہ دشمنی اب بھی ہم دونوں خاندانوں کے بیچ رہے اور میرا تو کوئی قصور بھی نہیں لیکن ہانیہ کا بیٹا مجھے قصوروار ٹھرا رہا ہے حسن صاحب کی آنکھوں میں آنسو تھے کیوں کے ہانیہ جیلانی انکی لاڈلی اور بہت

خوبصورت بہن تھیں حنیہ جیلانی کو حماد شاہ نے کالج میں دیکھا تھا اور پِھر وہ اپنا دِل ہار بیٹھے کچھ ٹائم بعد حماد نے اپنی محبت کا اظہار حنیہ سے کیا

حنیہ جیلانی بھی حماد شاہ کو دِل دے بیٹھی تھیں لیکن اُنہیں پتہ تھا ان کے والد مہراب شاہ کبھی اس رشتے کے لیے راضی نہیں ہونگے اور یوں حنیہ جیلانی نے بھاگ کر شادی کر لی جس کے بعد سے جیلانی اور شاہ خاندان دونوں کی آپس میں دشمنی ہو گئی

حسنین آٹھ سال کا تھا جب حماد صاحب اور حنیہ کی روڈ حادثے میں موت ہو گئی لیکن سب کا یہی کہنا تھا کے یہ روڈ حادثہ نہیں تھا حماد شاہ کو حسن شاہ نے مروایا ہے اور تب سے لے کر آج تک حسنین کو حسن جیلانی سے نفرت تھی اس ٹائم حسنین کا کچا دماغ تھا بی جان حسنین کو لے کر کچھ سالوں کے لیے لندن شفٹ ہو گئیں تھیں انھیں بھی کہیں نہ کہیں شق تھا کے حماد شاہ کو حسن جیلانی نے مروایا ہے لیکن احمد صاحب نے جب معاملے کی تفتیش کرائی تو حسن جیلانی بے قصور نکلے اور یوں بی جان اور احمد شاہ نے اپنے دِل صاف کر لیئے تھے لیکن حسنین کو اب بھی لگتا تھا کے اس کے بابا کو حسن شاہ نے مروایا ہے جب کے

حسنین کو یہ بھی پتہ تھا کے حسن شاہ اس کے ماموں ہیں لیکن اسے اس سب سے کوئی غرض نہیں تھی

ماہ رخ حنیہ بیگم کی کاپی تھی ماہ رخ نے حنیہ کی خوبصورتی چرائی تھی

. . . . . . . . . . .

نصرت میں حیران رہ گئی تھی اس بچی کو دیکھ کر مجھے تو ہانیہ کی کاپی لگی ہے اک اک نین نقش ہانیہ سے چرایا ہے اسنے بی جان اور نصرت بیگم لائنج میں بیٹھیں ماہ رخ کی باتیں کر رہی تھیں

جب ماہ رخ بھی ان کی ساتھ اکر بیٹھ گئی

اور بی جان کے سامنے اپنا سر جھکا یا بی جان نے محبت سے اسے گلے سے لگا یا اور ماتھا چوما

میں بھی کب سے تمہارا انتظار کر رہی تھی ادھر بیٹھو میری ساتھ بھی جان نے اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ بیٹھا لیا

ماہ رخ ہلکا سہ مسکرا کر چُپ ہو گئی کیوں کے سامنے سے حسنین آتا ہوا دکھائی دیا وہ آفس جانے کے لیے تیار تھا وائٹ شرٹ بلو کوٹ اور بلو پینٹ میں ملبوس اچھے سے بال سیٹ کیئے اک ہاتھ میں گاڑی کی چابی دوسرے ہاتھ میں اپنا قیمتی موبائل لیئے وہ بی جان کے پاس آیا

بی جان میں چلتا ہوں حسنین نے جھک کر بی جان کے سر پر بوسہ دیا

ناشتہ تو کر لو پھِر چلے جانا اتنی جلدی کیا ہے بی جان نے اسے ڈانٹا

بھوک نہیں ہے اور آفس میں کھالوں گا آپ اپنا خیال رکھیئے گا حسنین نے اک نظر ماہ رخ کو دیکھا جو لائٹ پنک ڈریس میں بالوں میں کیچر لگائے حسنین کو نظر انداز کرنے میں مصروف تھی

ماہ رخ نے حسنین کو دیکھا جو اسے ہی دیکھنے میں مصروف تھا ماہ رخ نے نظر جھکا کر سَر پر دوپٹہ لے لیا

حسنین ماہ رخ کا غصے سے لال ہوتا چہرہ دیکھ کر محظوظ ہو رہا تھا لیکن پھر اک جاندار مسکراہٹ اس کے چہرے پر آئی جو اس نے بڑی مہارت سے چھپالی اور گھر سے باہر نکل گیا

توبہ ہے دیکھتے ایسے ہیں جیسی پہلے کبھی کوئی لڑکی دیکھی نہ ہو میں بھی تو نا جانے کیوں اتنی کنفیوژ ہو جاتی ہوں کھا تھوڑی جائیں گے وہ مجھے ماہ رخ اپنی ہی سوچ میں گم تھی

کیا ہوا بیٹا کہاں گم ہو چلو آؤ آج ایک ساتھ ناشتہ کرتے ہیں بی جان نے اسے اپنے ساتھ لیا اور اندر کی جانب بڑھیں

حنا کو ماہ رخ پر رشک آ رہا تھا اللہ ان دونوں کو ہمیشہ خوش رکھے حنا نے دِل سے دعا دی اور ماہ رخ اور بی جان کے پیچھے اندر چلی گئی

کچھ تو بات ہے اس لڑکی میں حسنین شاہ تُم نے بہت غلط کیا ہے

لیکن اب کیا ہو سکتا ہے اب وہ میری عزت ہے میری بیوی ہے اور میں اسے نہیں چھوڑ سکتا وہ اپنے سوچوں میں گم تھا

تبھی اس کے کیبن کا دروازہ نوک ہوا

یس آجاؤ اس نے اجازت دی

مونا کیبن میں داخل ہوئی

سر آج شام آپ کی میٹنگ ہے ارسلان صاحب کے ساتھ مونا نے اسے آج کی میٹیگ سے آگاہ کیا

اور فائلز حسنین کے سامنے رکھ دیں

مس مونا میری طبیعت آج کچھ ٹھیک نہیں اس لیے آپ آج کی میٹنگ کینسل کر دیں اس نے بے زاری سے جواب دیا

لیکن سر مونا ابھی کچھ کہنا چاہ رہی تھی کہ حسنین نے اسے بیچ میں ٹوکا

آپ یہ فائلز جنید سر کے کیبن میں لے جائیں آج کی میٹنگ وہ اٹینڈ کر لیں گے اب آپ جا سکتی ہیں حسنین نے سنجیدگی سے کہا

پھر لیپ ٹاپ میں سر دیئے بیٹھ گیا

جی سر مونا فائل لے کے کیبن سے چلی گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اپنے کام میں مصروف تھا جب گھر کے نمبر سے فون کال آئے اس نے کال اٹھائی تو آگے سے خاموشی تھی

جی کون بات کر رہا ہے حسنین کو جب زیادہ دیر سامنے سے کوئی آواز نہیں آئی تو اس نے خود بات کرنے کا آغاز کیا

جی وہ میں ماہ رُخ بات کر رہی ہوں

بی جان کہہ رہے ہیں آپ نے ناشتہ کیا وہ جلدی جلدی کہنے لگی

حسنین کے چہرے پر دلکش مسکراہٹ آئی

ارے ارے آرام سے سانس تو لے لیں آپ کے پیچھے کوئی جن بھوت لگا ہے کیا

اتنی جلدی جلدی بات کرنے کا مطلب وہ سنجیدگی سے کہنے لگا لیکن اصل میں اسے پتا نہیں کیوں عجیب سی خوشی ہو رہی تھی ماہ رُخ کا یوں اس کے لیئے فکر کرنا اور اسے فون کرنا

مجھے بی جان نے کہا آپ سے پوچھ لوں ماہ رُخ نے اسکی خوش فہمی دور کرنی چاہی کہ بی جان نے کہا تبھی اس نے فون کیا۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تو میں نے کب کہا کے آپ نے مجھ سے پیار بھری باتیں کرنے کے لئے فون کیا ہے وہ ماہ رُخ کی باتوں سے محظوظ ہوتے ہوئے کہنے لگا

اچھا میں فون رکھ رہی ہوں اللہ حافظ ماہ رُخ نے کال کاٹ دی

عجیب لڑکی ہے حسنین نے اپنے موبائل فون کو ایسے گھورا جیسے ماہ رُخ نظر آرہی ہو

حسنین نے مونا کو اپنے کیبن میں بلوایا

مس مونا میں گھر جا رہا ہوں آپ جنید سر کو میٹنگ کی ٹائیمنگ سے آگاہ کر دیں

میں چلتا ہوں اک ہاتھ میں کوٹ دوسری ہاتھ میں گاڑی کی چابی شرٹ کے بازو فولڈ کیئے

وہ اپنے مغرور انداز سے چلتا ہوا گاڑی تک آیا

ڈرائیور گھر چلو یار ڈرائیور نے بیک سیٹ کا ڈور کھولا اور وہ گاڑی میں بیٹھا

. . . . .

ماہ رُخ بی جان کے ساتھ باتیں کر کے واپس اپنے کمرے میں آئی اور اپنے رُکے ہوئے آنسوؤں کو نہیں روک سکی

کیسے گزرے گی میری زندگی بابا امی کے بغیر

۔میں وہ بد نصیب بیٹی ہوں جس کو اپنے ماں باپ نے رخصت تک نہیں کیا نہ جانے کس حال میں ہوں گے سب وہ تکیہ منہ پر رکھے اپنے آواز کو دبانے کی کوشش کر رہی تھی وہ نہیں چاہتی تھی کوئی اسے روتے ہوئے دیکھ لے

....

حسنین گھر پہنچا تو بی جان لاؤنج میں بیٹھی نصرت بیگم اور حِنا سے باتیں کر رہی تھیں

حسنین آپ کب آئے حِنا جو بی جان کی کسی بات پر مسکرا رہی تھی حسنین کو دیکھ کر حیرانگی سے کہنے لگی

ہاں بس طبیعت ٹھیک نہیں تھی

اس لیئے گھر واپس آگیا وہ بی جان کے ساتھ بیٹھ گیا

جب خود کو اتنا ہلکان کرو گے تو ایسا ہی ہو گا

میں تو کہتی ہوں نئی نئی شادی ہوئی ہے بہو کے ساتھ کہیں گھوم پھر کر آؤ بی جان نے

اسے سنجیدگی سے کہا

اور سر پر ہاتھ پھیرا تو وہ کانپ گئیں حسنین کو تیز بخار تھا اور اسے پرواہ تک نہیں تھی

شاہ تمہیں تو بہت تیز بخار ہے ناشتہ بھی نہیں کیا ہو گا تُم نے

جلدی جاؤ اب اپنے کمرے میں

میں ڈاکٹر کو فون کرواتی ہوں جان نکال دو گے کسی دن تُم میری

کیا ضرورت ہے اتنا کام کرنے کی چلو جاؤ اب کمرے میں بی جان پریشانی کے عالم میں کہنے

لگی

حسنین چُپ چاپ چلتا ہوا اپنے کمرے میں آیا تو ماہ رُخ کو منہ پر تکیہ رکھے ہوئے دیکھا

اس نے کمرے میں ہلکا سا شور کیا جس سے ماہ رُخ کو پتا چلے کے اس کے علاوہ بھی کمرے میں کوئی موجود ہے

ماہ رُخ نے تکیہ آنکھوں سے ہٹایا تو وہ ہڑ بڑا کر بیڈ سے اٹھ کھڑی ہوئی

آ.... آپ کب آئے اس نے جھجھکتے ہوئے سوال کیا

ابھی آیا جب آپ رونے کا شغل فرما رہی تھیں اس نے جتاتی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا

آپ واپس کیسے آ گئے اتنی جلدی ماہ رُخ کو نہیں پتا تھا کے وہ کیا بول رہی ہے اس کا تو رونے کی وجہ سے سَر درد سے پھٹا جا رہا تھا

کیا مطلب کیوں آ گیا یہ کیسا فضول سوال ہے اور اب آپ جائیں یہاں سے مجھے سونا ہے

اس کا چہرہ بخار کی وجہ سے لال ہو چکا تھا

بال ماتھے پر بکھرے ہوئے مغرور کھڑی ہوئی ناک لال تھی وہ چلتا ہوا بیڈ تک آیا اور گرنے کے اندازِ میں لیٹ گیا

ماہ رُخ پریشان کھڑی رہی اسے دیکھنے لگی

شاید انکی طبیعت خراب ہے

مجھے کیا میں کیوں پریشان ہو رہی ہوں انہوں نے کون سا میرے ساتھ ٹھیک کیا ہے وہ یہ سوچتی ہوئی کمرے سے باہر چلی گئی

شاید آج اسے گھر والے بہت یاد آرہے تھے اسکے زخم پھر سے تازہ ہو گئے

.......

بھو اب کیسی طبیعت ہے حسنین کی۔ میں نے ڈاکٹر کو بلوایا ہے وہ آتا ہی ہو گا بی جان نے اسے کمرے سے باہر نکلتے ہوئے دیکھا تو پوچھنے لگی

بی جان ابھی وہ سو رہے ہیں آپ ٹینشن نہ لیں ٹھیک ہو جائیں گے اس نے بی جان کو تسلی دیتے ہوئے کہا

میری بچی اسے جب بخار آتا ہے تو کسی کو سکون نہیں ہوتا

بہت تنگ کرتا ہے وہ بخار میں بلکل بچہ بن جاتا ہے تُم اس کا خیال رکھنا بی جان نے اس کے نرم و نازک ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیے

بی جان آپ پریشان نا ہوں میں خیال رکھوں گی انکا

بی جان ڈاکٹر صاحب آ گئے ہیں ملازمہ نے آ کر کہا

اچھا اسے لے کر آؤ حسنین کے کمرے میں ماہ رُخ نے اپنا دوپٹہ سر پر ٹکا کر حِنا کے کمرے کا رُخ کیا

بی جان حسنین کے کمرے میں گئی ڈاکٹر نے اس کا چیک اپ کیا اور دوائی لکھ کر اسے آرام کرنے کی تلقین کرتے ہوئے چلے گئے

حسنین آرام والی دوا کے زیر اثر سو رہا تھا

ماہ رُخ کمرے میں آئی تو بی جان کوئی سورت پڑھتے ہوئے حسنین پر دم کر رہی تھی

وہ بی جان کے ساتھ بیٹھی تو بی جان نے اسے مسکرا کر دیکھا

اب میں چلتی ہوں خیال رکھنا اس کا بی جان نے اس کے سَر پر ہاتھ رکھا اور کمرے سے چلی گئی

ماہ رُخ کی نظریں اب حسنین کو دیکھنے لگی

وہ اک دن میں ہی اتنا بیمار لگنے لگا تھا دُنیا جہاں سے بے خبر پڑا تھا

ماہ رُخ نے ڈرتے ہوئے اسکے چہرے کو چھوا لیکن اب بخار کم تھا وہ اطمینان کر کے سونے پر سونے چلی گئی

کمرے میں اندھیرا تھا

آدھی رات کو اسے کمرے میں کسی کے کراہنے کی آواز آئی تو وہ اٹھ بیٹھی حسنین نیند میں باتیں کر رہا تھا وہ جلدی سے اٹھ کر اسکے پاس جا کر بیٹھ گئی اور اس کا بخار چیک کرنے لگی لیکن حسنین نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا

بابا.......حسن جیلانی نے آپکو کیوں مارا......میری دُنیا تباہ کر دی اسنے ماما تو انکی بہن تھیں نہ پھر......پھر کیوں......ایسا........وہ اور بھی کچھ بولنا چاہتا تھا لیکن خاموش ہو گیا وہ نیند میں بڑبڑا رہا تھا

ماہ رُخ کو لگ رہا تھا کے جیسے کمرے کی چھت اسکے اوپر گری ہو

اگر وہ تھوڑی دیر اور ایسے ہی بیٹھی رہی تو پتھر کی ہو جائے گی وہ اپنے سر پر ہاتھ رکھے

جلدی سے کمرے سے بھاگ آئی

میرے بابا نے کسی کو مارا ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے اور حسنین کی امی بابا کی بہن تھیں یعنی ہانیہ پھپھو یا میرے خدا یہ سب کیا ہے

لیکن بابا نے تو کہا تھا پھپھو کی ڈیتھ روڈ حادثے میں ہوئی تھی پِھر وہ یہ سب کیوں کہہ رہے ہیں وہ پوری رات کشمکش کا شکار رہی

وہ بارش میں سر سے پاوں تک بھیگ کر کمرے میں واپس آئی

اور حسنین کے نیند سے جاگنے سے پہلے وہ خد کی حالت کو ٹھیک کر لینا چاہتی تھی

اس لیے فریش ہونے چلی گئی

وہ سفید ڈریس میں ملبوس رونے کی وجہ سے اسکا سرخ و سفید چہرہ لال تھا

وہ ابھی بالوں میں برش کر کے فارغ ہوی تو اسکی نظر حسنین پر گئی

جو نا جانے کتنی دیر سے اسے دیکھ رہا تھا

آپ کب اٹھے اور اب طبیعت کیسی ہے

اسکے بال گیلے تھے جنہیں اسنے ابھی کھلا چھوڑا ہوا تھا

ہاں اب ٹھیک ہوں وہ ماہ رخ کے بدلے ہوے لہجے سمجھنے سے قاصر تھا

وہ چلتی ہوی اسکے ساتھ آکر بیٹھی

کیا ہے ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں ماہ رخ نے جب اسکی انکھوں میں حیرانگی دیکھی تو ہلکا سا مسکرا کر اسے جواب طلب نظروں سے دیکھنے لگی

کچھ نہیں لیکن آج آپ زیادہ بول رہی ہیں میں حیران ہوں حسنین نے اپنے ہنسی کو دباتے ہوے کہا

نہیں آپ کو ایسا لگتا ہے ورنہ ایسی کوئی بات نہیں ماہ رخ کے دل میں نفرت کی جو آخری جڑ تھی وہ بھی رات کے بات ختم ہو چکی تھی

اسنے خد سے واعدہ کر لیا تھا کے اب وہ خد سچ کی تہہ تک جائے گی

کہاں کھو گئی آپ وہ دماغی سے حسنین کو گھور وہی تھی

جب حسنین نے اسے ٹوکا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کچھ آپ فریش ہو جائیں میں تب تک نیچے جا کر آپ کا ناشتہ بنا لوں

وہ اسے کہتی ہوی وارڈوب سے حسنین کے لیے سفید شلوار کمیض نکال لائی

اسنے ابھی تک حسنین کو شلوا کمیض میں ملبوص نہیں دیکھا تھا

آپ کیوں بنائیں گی بریک فاسٹ بنالیں گی میڈز آپ نہیں کریں گی آج سے کوئی بھی کام

اسکی انکھوں کے سامنے بار بار میں ماہ رخ کا جلا ہوا ہاتھ ارہا تھا

لیکن آپ نے تو کہا تھا وہ اسے اسکی بات یاد کروا رہی تھی جب حسنین نے اسکی بات کو بیچھ میں ٹوکا

تو اب بھی میں ہی کہہ رہا ہوں وہ کہتے ہوے فریش ہونے چلا گیا

ماہ رخ بھی کمرے سے باہر نکل آئی پھر کیچن میں جا کر ملازمہ کو حسنین کے ناشتہ سمجھایا پھر بی جان کے ساتھ آ کر بیٹھی

وہ بی کی بات اتنا ہیسی کے اسکا چہرہ سرخ ہو چکا تھا

حسنین سیڑھیاں اترتا ہوا نیچے ارہا تھا جب اسکی نظر حسنین پر گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حسنین پر شلوار کمیض زیادہ جچتی تھی وہ اسے دیکھے گئی

حسنین ماہ رخ کو مسکرا کر دیکھتے ہوئے اس کے ساتھ بیٹھ گیا

ماہ رخ کو بی جان کے سامنے

حسنین کا یوں اسکے ساتھ بیٹھنا کچھ اچھا نہیں لگا تو وہ وہاں سے اٹھنے لگی لیکن حسنین نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا گویا وہ یہ کہنا چاہتا ہو کہ بیٹھی رہو

یہ سب بی جان کی آنکھوں سے بھی چھپا ہوا نہیں تھا وہ دونوں کے لیئے اپنی آنکھوں میں محبت لئے دیکھنے لگی

ماہ رخ شرم سے کچھ بول ہی نہ پائی اور حسنین سے کچھ فاصلہ رکھ کر بیٹھ گئی

اہم اہم میرے بچے میں بھی بیٹھی ہوں بی جان نے شرارتی لہجے میں کہا تو ماہ رخ نے سَر جھکا لیا

حسنین کو ماہ رخ کا یوں شرمانا گھبرانا نا جانے کیوں اچھا لگ رہا تھا وہ اسے دیکھنے لگا

بی جان آپ تو میری دوست ہیں اب آپ سے کیا پردہ


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میری بیوی ہے نکاح کیا ہے میں نے اتنا تو حق بنتا ہے کہ انہیں دیکھوں حسنین نے مسکراتے لہجے میں کہا

چل بدمعاش پہلے تو شادی کے نام سے دور بھاگتا تھا اب کیا ہو گیا ہے ویسے میری بہو پیاری ہی بہت ہے تم اپنا دِل ہار بیٹھے ہو بی جان نے اسے چھیڑا اور ماہ رخ کو پیار کرنے لگی

بی جان میں ابھی آئی کچھ کام ہے مجھے ماہ رخ اب وہاں سے بھاگنا چاہتی تھی حسنین کی نظریں ابھی بھی اس کے لال ہوتے چہرے کو تک رہی تھیں

ہاں میری بچی جاؤ کر لو کام یہ شریر تو تنگ کرتا رہے گا ایسے ہی بی جان نے حسنین کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا

وہ لاونج سے نکل کر اپنے کمرے کے طرف چلی گئی

طبیعت کیسی ہے شاہ بی جان نے اب سنجیدگی سے پوچھا

ٹھیک ہوں بالکل آپ ٹینشن نہ لیں کچھ دیر میں آفیس کے لیے نکلنا ہے ضروری میٹنگ ہے آج حسنین نے حنا سے چائے کا مگ لیتے ہوئے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کوئی ضرورت نہیں کام پر جانے کی آرام کرو آج بی جان جیسے وارننگ دی

بی جان ٹھیک ہوں اب

اور آج کی میٹنگ بہت ضروری ہے ہمارے لیئے

وہ اب التجا کرنے لگا

میں بہو سے کہتی ہوں ہو سکتا ہے اس کا کہا مان لو

ہاہاہاہا........وہ بیچاری بولتی نہیں ہے میرے سامنے اور آپ کہہ رہی ہیں وہ مجھے روکے گی حسنین نے مسکراتے ہوئے کہا

اسے یاد آرہا تھا ماہ رخ کا کترانا گھبرانا

یہ تو میری بہو اچھے خاندان سے ہے اسے شرم حیا ہے آج کل کی لڑکیاں کہاں ہیں ایسی بی جان نے محبت سے کہا

حسنین کے کانو میں صرف اک ہی بات گونج رہی تھی

اور وہ تھی خاندان کی اسے پھِر سے سب کچھ یاد آنے لگا وہ غصے سے اٹھا اور اپنے کمرے کا

رخ کیا

ماہ رخ کمرے میں آئی تو اسے حسنین کی باتوں پر حیرت ہو رہی تھی

لیکن اسے پتہ تھا جب حسنین کو پھِر سے یاد آئے گا تو وہ پھِر سے لا تعلق ہو جائے گا

وہ کمرے میں داخل ہوا

ماہ رخ اپنا ورڈروب سیٹ کرنے میں مصروف تھی

کیا ہوا آپکو کچھ چاہیے وہ حسنین سے مخاطب ہوئی جو اسے ہی غور سے دیکھ رہا تھا

کاش تم حسن جیلانی کی بیٹی نہ ہوتی تو آج میں تمہیں دُنیا کی ہر خوشی دیتا

لیکن یہ تمہاری غلطی ہے کہ تم میرے دشمن کی بیٹی ہو اور میرا صرف تم سے نَفرت کا

رشتہ بن سکتا ہے اور کوئی بھی نہیں وہ ماہ رخ کو حسنین شاہ نہیں بلکہ اک بکھرا ہوا انسان

لگ رہا تھا

اس کے آواز کا درد اور آنکھوں کا کرب ماہ رخ سے چھپا ہوا نہیں تھا وہ بس اسے دیکھنے لگی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

پھر گویا ہوئی آپ کو بہت بڑی غلط فہمی ہے میرے بابا آپ کے دشمن کبھی بھی نہیں ہو سکتے

وہ ہمت کر کے اسکے ساتھ آکر کھڑی ہوئی اور حسنین کا لال ہوتا چہرہ دیکھنے لگی

تم آج کے بعُد حسن جیلانی کی صفائی میری سامنے نہیں دو گی وہ کیا تھا اور کیا ہے میں اچھے سے جانتا ہوں تو تم مجھے مجبور نا کرو کے میں تمھارے ساتھ سختی سے پیش آؤں

وہ آرام سے مگر غصے بھرے لہجے میں بول کر چلا گیا

ماہ رخ کھلا ہوا دروازہ دیکھ رہی تھی جس سے ابھی وہ آندھی طوفان کی طرح گزر کے گیا تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

. . . . . . . . . .

بی جان کچھ دنوں کے لیے مجھے ملک سے باہر جانا ہے وہ بی جان کے پاس آکر کہنے لگا

جاؤ لیکن اک شرط پر بہو کو اپنے ساتھ لے کر جاؤ گے بی جان کو یہی موقع ٹھیک لگا تھا

وہ چاہتی تھیں دونوں آپس میں کچھ ٹائم گزاریں اور یہ موقع خد حسنین اُنہیں دے رہا تھا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

بی جان میں کام سے جارہا ہوں وہ وہاں پر کیا کرے گی

تو تم کام کر لینا اپناوہ کونسا چھوٹی بچی ہے جو تمہیں تنگ کرے گی بی جان نے دوٹوک انداز میں کہا

بی جان پلیز مجھے جانے دیں نیکسٹ ٹائم ساتھ لے جاؤنگا وہ کچھ بھی کر کے بی جان کو راضی کرنا چاہتا تھا

لیکن بی جان بھی انکی دادی تھیں ماننے میں نہیں آرہی تھیں

آخر کار حسنین نے ہار مان لی اور ماہ رخ کو اپنے ساتھ لے جانے کی حامی بھر لی

حنا بچے بہو کو بلا کر لاؤ مجھے بات کرنی ہے اس سے بی جان نے حنا کو مخاطب کیا

جی اچھا بی جان میں ابھی بلا کر لاتی ہوں حنا نے ہاتھ میں پکڑا ہوا مگزین ٹیبل پر رکھا اور حسنین اور ماہ رخ کے مشترکہ کمرے کا رخ کیا

حسنین کمرے میں نہیں تھا حنا نے آرام سے دروازہ کھول کر کمرے میں جھانکا تو ماہ رخ اسے کمرے میں ڈسٹنگ کرتے ہوئے نظر آئی

ارے ماہ رخ تُم کیوں کررہی ہو یہ سب چھوڑدو ملازمہ ہیں وہ کرلیں گی حنا نے اسے کیا اور ہاتھ پکڑ کر کمرے سے باہر لے گئ

اب ماہ رخ اسے کیا بتاتی کے حسنین نے اسے یہ سب کام کرنے کا کہا ہے

وہ الگ بات تھی کے اب حسنین نے اسے منع بھی کیا تھا لیکن وہ پتا نہیں اب کس کو سزا دینے کے لیے کام میں لگی ہوی تھی

بی جان آگئ آپ کی بہو سمجھائین اسے مجھے تھوڑا کام ہے

میں ابھی آتی ہوں حنا پیار سے اسکا چہرہ تھپک کے لاونج سے نکل گئ

ادہ

ادھر میرے ساتھ بیٹھو بیٹا بی جان نے اسے اپنے پاس صوفہ پر بیٹھایا

جی بی جان کوئی کام تھا وہ بی جان کی جانب متوجہ ہوئی

بیٹا آج میں تمہیں اس گھر کے ماضی کے بارے میں کچھ بتانا چاہتی ہوں اور میری بات غور سے سننا بی جان کہنے لگی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جی بی جان آپ بتائیں وہ جواب طلب نظروں سے بی جان کو دیکھنے لگی

بیٹا حسنین کی ماں تمہاری پھوپھو تھی ہانیہ شاہ حماد نے اور ہانیہ نے سب کی ناراضگی مول لے کر شادی کی تھی

تُم تب بہت چھوٹی سی تھی تمہیں تو کچھ یاد بھی نہیں ھو گا

اور مہراب جیلانی نے بیٹی ہانیہ سے سارے رشتے توڑ دیئے تھے اور یوں دونوں خاندان میں نَفرت کی دیوار کھڑی ہو گئی

حسنین تُم سے دس سال بڑا ھو گا ہانیہ سے تمھارے باپ حسن نے رشتہ نہیں توڑا تھا وہ چُھپ چُھپ کر اپنی بہن سے ملنے آتا تھا لیکن وہ حماد سے نہیں ملتا تھا

حماد کی بھی کبھی ہمت نہیں ہوئی تھی حسن سے ملنے کی حسنین جب بڑا ہوا تب تک دونوں خاندان میں دشمنی بہت بڑھ چکی تھی

مہراب جیلانی کو بھی پتہ چل گیا تھا کے حسن ہانیہ آپس میں ملتے رہے ہیں

پھرے تمہارے گھر بھی جھگڑا ہوا اس بات پر اس دن کے بعد حسن نے بھی آنا جانا کم کر دیا

اور پھر حسن اور ہانیہ کا ملنا بند ہو گیا ح

ہانیہ نے اک دن تمہیں حسن کے ساتھ دیکھا تھا اور اسکی

خواہش تھی وہ تمہیں اپنی بہو بنائے گی

لیکن اوپر والے کو کچھ اور ہی منظور تھا اور اک دن میرے گھر کو کیسی کی نظر لگ گئی حماد اور

ہانیہ روڈ حادثے میں فوت ہو گئے اور تب کیسی نے حسنین کے سامنے یہ جھوٹ بولا کے

اس سب کے پیچھے حسن جیلانی تھا تب وہ بچہ تھا لیکن یہ بات اس کے دِل اور دماغ میں ہمیشہ کے لیے قید ہو گئی

اور کب یہ بات حسنین کے دِل میں انتقام اور نفرت میں بدلی پتہ ہی نہیں چلا

کچھ ٹائم میں بھی بدگمان رہی تھی کے حسن نے میرے بچوں کو مار دیا ہے

لیکن پھر احمد کو پتہ چلا کے یہ صرف اک حادثہ تھا

لیکن یہ بات حسنین ماننے کو تیار نہیں بی جان ماضی کے حسار سے باہر آئی تو انکی آنکھوں اور گال پر بہت سے آنسو تھے ماہ رخ کا بھی حَسین چہرہ آنسوؤں سے بھیگا ہوا تھا

بیٹا اب تُم ہی میرے بچے کو سمجھا سکتی ہو

تُم میری بچے کو سہی راہ پر لاؤ گی بی جان کے لہجے میں دکھ قرب نا جانے اور کیا جھلک رہا تھا

جی بی جان میں پوری کوشش کروں گی کے وہ سچ کو مان لیں اس نے کھوئے ہوئے لہجے میں کہا

ماہ رخ کو حسنین کا ماضی بہت تکلیف دے رہا تھا

اس کے دِل اور دماغ میں حسنین کے لیے جو تھوری بہت بھی بدگمانی کی دھول تھی وہ اب چھٹ چکی تھی

مجھے تُم سے یہی امید تھی

ہانیہ کی بھتیجی ہو نہ اسی کے جیسی ہو وہ بھی رشتوں کو جوڑنا جانتی تھی

اور تُم بھی انشااللہ کامیاب رہو گی بی جان نے اس کا ماتھا چوما


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ماہ رخ نے اپنا بھیگا ہوا چہرہ صاف کیا

آج شاہ کام کے سلسلے میں ملک سے باہر جا رہا ہے میں نے اسے کہا ہے وہ تمہیں بھی اپنے ساتھ لے کر جائے گا

تُم اپنی اور اسکی تیاری کر لو اور ہاں تمھارے بابا کو بھی پتہ ہے کے تُم اب حسنین شاہ کی بیوی ہو

میں نے حسن سے دو مہینے مانگے ہیں اس کے بَعد حسن تُم سے ملنے آئے گا

لیکن تب تک تُم حسنین کو اپنا بنا لو گی مجھے یقین ہے بی جان نے یقین سے کہا

ماہ رخ یے سن کر پریشان حیران رہ گئی تھے

کے یے سب اسکے بابا کو بھی پتا ہے

جی بی جان میں آپ یقین تو نہیں دون گی ماہ رخ ابھی بات کر رہی تھی کے حسنین گھر میں داخل ہوا

جلدی سے پیکنگ کر لو آج شام کی فلائیٹ ہے اور آپ کو بھی چلنا ہے میرے ساتھ

حسنین نے اسے دیکھنے سے گریز کیا اور اپنے بات ختم کر کے کمرے میں چلا گیا

ماہ رخ لمبا سانس کھینچ کت رہ گئی نہ جانے کس منزل پر جائے گا یہ رشتہ وہ سوچنے لگی اور اٹھ کر کمرے کا رخ کیا اسے ابھی پیکنگ بھی کرنی تھی

-----

بی جان میں اپنے گھر فون پر بات کر سکتی ہوں اسنے ڈرتے ہوئے بی جان سے یے سوال پوچھا

ہاں میرے بچے کیوں نہیں کر سکتی ادھر او میرے پاس

میں کروا دیتی ہوں تمہاری بات گھر پر

بی نے پیار سے اسے پاس بلایا

اور میلانے لگی

دوسری جانب فون کال جا رہی تھی ماہ رخ کا چہرہ انسوں سے تر تھا

وہ خوشی میں رو رہی تھی

واعلیکم اسلام حسن ماہ رخ تم سے بات کرنا چاہتی ہے تم اس سے بات کرو بی نے سلام دعا کے بعد کہا

اور فون ماہ رخ کی جانب بڑھایا

جسے اسنے کانپتے ہاتھوں سے پکڑ لیا اور فون کو اپنے کان کی قریب کیا

وہ چپ تھی لیکن اس کے انسوں بہت کچھ بیاں کر کرے تھے

ماہ رخ بابا کی جان کیسی ہو حسن صاحب نم لہجے میں اس سے پوچھا

میں۔۔۔۔ بلکل ٹھیک ہوں بابا وہ بس اتنا ہی بول سکی اور اسنے فون بند کر دیا

اتنے دن بعد حسن جیلانی آواز سن کر اسے ایک سکوں ملا تھا لیکن پھر بھی اسے رونا آرہا تھا

بی جان نے اسے چپ کرانے کے لیے اپنے گلے سے لگا یا

وہ حسنین کے ساتھ اس طرح اکیلے جانے سے گھبرا رہی تھی لیکن اسے حسنین کو سمجھنا تھا

اسے پرکھنا تھا

سچ بتانہ تھا وہ باقی ساری سوچوں کو خد سے دور رکھ کر پیکنگ کرنے لگی

حسنین کمرے میں آیا تو اسے نظر انداز کرتا ہوا فریش ہونے چلا گیا

ماہ رُخ جلدی جلدی میں دونوں کی پیکنگ کر کے فارغ ہوئی

ابھی اسے اپنے کپڑے نیکالنے تھے اور تیار بھی ہونا تھا

وہ بے خیالی میں پیچھے مڑی تو اسے لگا جیسے اس کا سَر کیسی دیوار سے ٹکرایا گیا ہو

وہ اپنا سر تھامے کچھ ٹائیم تک اپنے حواس بہال کرنے لگی

اور پھر سر اٹھا کر سامنے کھڑے لمبی چوڑے مرِدانہ وجاہت سے بھرپور حسنین کو دیکھنے لگی

جو اپنے ہاتھ سینے پر باندھے اسے غصے سے دیکھ رہا تھا

وہ اپنا دَرد بھول کر کرنٹ کھا کر دو قدم پیچھے ہٹی حسنین اسی پوز میں کھڑا اس کی بچکانہ حرکتیں دیکھنے میں مصروف تھا

میرے خیال میں یہ جو اتنی بڑی بڑی آنکھیں ہیں صرف چہرے پر سجانے کے لیئے نہیں

دی اللہ نے ان کا استعمال کرنا سیکھو

وہ آنکھوں میں شرارت لیئے اپنے مغرور سے انداز میں کہنے لگا

نہ جانے کیوں وہ جتنا اس لڑکی سے دور جانا چاہ رہا تھا اتنا ہی اسکے قریب ہو رہا تھا

وہ ماہ رُخ کی سادگی اور خوبصورتی کی جانِب کھینچا چلا جا رہا تھا

وہ.....وہ میں نے....آپکو دیکھا نہیں سوری وہ اپنے آنکھوں کو زور سے میچ کر کھڑی ہوئی تھی

گویا اگر اسنے آنکھیں کھولی تو حسنین اسے کھا جائے گا

حسنین اسکی آواز کی لڑکھڑاہٹ سے سمجھ گیا تھا کے ماہ رُخ اس سے کتنا ڈرتی ہے

اوکے اوکے کوئی بات نہیں اسکے دِل نے اس پر ملامت کی

حسنین شاہ تُم ایک بے قصو لڑکی کو اپنے انتقام کا نشانہ بنا رہے ہو کیا یے سہی فیصلا ہے کیا تمہارا رب تمہیں معاف کر دیگا وہ خد کی عدالت لگائے کھڑا تھا

وہ خد کو کوستا ہوا کمرے سے باہر چلا گیا

دروازے کو اتنا زور سے بند کیا کہ ماہ رُخ نے اپنے کانو پر ہاتھ رکھ لیئے

اللہ جی یہ تو اتنی غصے والے ہیں کیسے سمجھا سکوں گی میں انہیں

یہ تو مجھے مارنے میں اک منٹ بھی نہیں لگائیں گے

لیکن میں پیچھے نہیں ہٹنے والی

میں بی جان کو مایوس نہیں کر سکتی وہ خد سے عہد کرتی ہوی وارڈوب سے اپنی ڈریس

نکالنے لگی کچھ دیر میں اُنہیں لندن کے لئے نکلنا تھا وہ فریش ہونی چلی گئ

. . . . . . . . .

وہ کمرے سے نکل کر باہر لان چہل قدمی کرنے لگا یہ اسکی بچپن سے عادت تھی جب بھی

وہ پریشان ہوتا تھا یوں ہی لان میں آکر چہل قدمی کرتا تھا

حِنا اپنے کمرے کی کھڑکی سے اسے دیکھنے لگی

اور پھر اپنے سر پر دوپٹا رکھ کے باہر لان میں آگئ

کیا پروبلم ہے آپ کچھ پریشان لگ رہے ہیں وہ حسنین کے چہرے پر تناؤ اور غصہ دیکھنے لگی

کچھ نہیں ہے بس ایسے ہی اور آپ کب آئی وہ نارمل سے لہجے میں پوچھنے لگا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ابھی ابھی آئی جب آپ کیسی گہری سوچ میں گم تھے اور اب بتا نہیں رہے وہ اسے جتاتے ہوئے کہنے لگی

کچھ بھی نہیں ہے آپکو غلط فہمی ہوئی ہے شاید

وہ آرام سے چلتا ہوا چیئر پر بیٹھ گیا

حسنین کو حِنا کے دِل میں اپنے لیئے چھپے ہوئے جذبات کا پتہ تھا

لیکن اس نے کبھی بھی حِنا کو اس نظر سے نہیں دیکھا تھا حِنا صرف اس کے لئے اک اچھی دوست اور کزن تھی

اب میں چلتا ہوں کچھ دیر میں فلائٹ ہے ہماری میں دیکھ لوں ماہ رُخ تیار ہو گئی

وہ عام سے لہجے میں کہتا ہوا

گھر کے اندرونی حصے کی جانب بڑھا حِنا اسے اپنے سے دور جاتا ہوا دیکھ رہی تھی لیکن اب یہ انسان کیسی اور کا ہم سفر اور محرم تھا وہ یہ سب اور نہیں سوچنا چاہتی تھی

اپنے ہونٹوں پر اک تلخ سے مسکراہٹ سجائے وہاں سے چلی گئی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

. . . . . .

ماہ رُخ بلیک پیروں تک آتی فروک میں ملبوس اپنے لمبے اور سلکی بالوں کو برش کر رہی تھی

جب وہ کمرے میں داخل ہوا

وہ بنا کیسی ڈر و خوف کے اپنے کام میں مصروف رہی

حسنین کبرڈ کا دروازہ کھول کر اپنا پاسپورٹ وغیرہ نکالنے لگا

اتنی دیر میں ماہ رُخ خود کو تیار کر چکی تھی اور عبایہ پہننے لگی

وہ خد پر حسنین کی نظر باآسانی محسوس کر سکتی

تھی لیکن وہ اپنے آپ کو مصروف دیکھانے کی کوشش کر رہی تھی جس میں وہ کافی حد تک

کامیاب بھی رہی تھی

اگر تمہاری تیاری مکمل ہو گئی ہو تو چلیں وہ ماہ رُخ کی نیقاب میں سے جھانکتی آنکھوں کو دیکھ

کر کہنے لگا

جی چلیں اس نے آنکھیں جھکا کر کہا جب کے لہجہ مظبوط تھا

. . . . . .

جنید اُنہیں ایئرپورٹ تک سی اوف کرنے آیا

فلائٹ کا ٹائم ہوا وہ دونوں آکر اپنی اپنی سیٹس پر بیٹھے

ماہ رُخ تھوڑا سا گھبرا رہی تھی وہ جہاز میں سفر کرنے سے ڈرتی تھی

جب بھی حسن صاحب اسے کہیں لے جاتے تھے تو وہ اپنی امی یا کسی کا ہاتھ پکڑ لیتی تھی

جب کے حسنین کے لئے یہ عام سی بات تھی وہ کام کے سلسلے میں اکثر ملک سے باہر

ٹریولنگ کرتا رہتا تھا

جہاز نے ٹیک اوف کیا

تو ماہ رُخ نے حسنین کے ہاتھ کو مضبوطی سی پکڑ لیا اور آنکھیں زور سے بند کر لیں

وہ سمجھ گیا تھا کے وہ ڈر رہی ہے اس نے ہلکا سا حصار کھینچا جسے ماہ رُخ زیادہ نہ ڈرے

یہ عمل اس سے کیسے اور کب ہوا وہ نہیں جانتا تھا

ماہ رُخ اپنی آنکھوں میں حیرت لئے اسے تکنے لگی

وہ اپنا ڈر بھول گئی تھی

حسنین دُنیا جہاں سے بے خبر اس کی شہد رنگ آنکھوں میں کھویا ہوا تھا

جہاز ٹیک اوف کر چکا تھا

سنے میں ٹھیک ہوں اب ماہ رُخ نے جھجکتے ہوئے کہا

وہ پھِر بھی ویسے ہے کھویا رہا

میں آپ سے بات کر رہی ہوں ٹھیک ہوں میں

اب کی بار ماہ رُخ نے اس کی بازو پر اپنا ہاتھ رکھا

وہ ہوش میں آیا تو آہستہ سے اپنا ہاتھ پیچھے کر لیا اور اپنے جلد بازی پر ملامت کرنے لگا

ماہ رخ نے بھی اپنی گھنی پلکیں جھکا لیں

ماہ رخ ابھی بھی اسی سحر میں کھوئی ہوئی تھی

جب کے حسنین اسے نظر انداز کئے اپنی کسی فائل میں سَر دیئے بیٹھا تھا

ماہ رخ کو نیند آنے لگی لیکن وہ زبردستی اپنی آنکھیں کھولے بیٹھی تھی

کہیں پِھر سے حسنین کچھ کہہ نہ دے

آہستہ آہستہ اس کی آنکھیں بند ہونے لگی وہ سیٹ پر اپنے سَر کو ٹیک لگائے سو گئی

حسنین کو جب ماہ رخ کی خاموشی محسوس ہوئی

تو اس نے اپنے برابر بیٹھی ماہ رخ کو دیکھا جو نیند میں تھی

حجاب کی وجہ سے حسنین کو اسکی بند آنکھیں نظر آ رہی تھی

اب وہ اسے غور سے دیکھنے لگا

وہ ہر قدم پر اسے حیران کر رہی تھی

حسنین نے کسی لڑکی کو کبھی خود کو اس طرح سے چھپائے نہیں دیکھا تھا جتنی بھی لڑکیاں اسنے دیکھی تھیں سب ہی ایک دوسرے کو ٹکر دینے کے چکر میں خود کے لباس کو خراب کرتی جارہیں تھیں

لیکن ماہ رخ نے اسے سوچنے پر مجبور کر دیا تھا کے ہر انساں کو ہم ایک ہی ترازو میں نہیں تول سکتے

وہ اسے دیکھنے لگا اسکے سر کا اک بال تک نظر نہیں آرہا تھا

اسے ماہ رخ کی سادگی اور معصومیت کہیں نا کہیں دِل کو چھو رہی تھی لیکن ابھی وہ اس سچ کو ماننے کے لیے تیار نہیں تھا

جب کے وہ اب کہیں نہ کہیں خود کو قصوروار سمجھ رہا تھا

کے ماہ رخ سے زبردستی شادی کرنا اسکی غلطی تھی لیکن حسنین شاہ یہ بات کیسے مان لیتا وہ نہیں چاہتا تھا کے وہ خود کو اک لڑکی کے سامنے جھکائے جب کے یہ اک لڑکی اسکی بیوی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

تھی کسی کی بہن بیٹی اور کسی کے گھر کی عزت تھی اگر وہ یہ سب سوچتا تو آج یہ نوبت ہی نہ آتی

اس کا ضمیر اسے ہر وقت ملامت کرتا رہتا تھا لیکن وہ تھا کے اپنے کان دِل دماغ سب بند کیئے ہوئے تھا

وہ ان سب خیالوں سے تب چونکا جب ماہ رخ کا سَر اسکے شانو سے لگا

وہ نیند میں تھی لیکن اب وہ اسکے شانے پر سَر رکھے سو رہی تھی

حسنین کے چہرے پر عجیب سے رنگ تھے جن رنگوں سے شاید وہ ابھی تک نہ واقف تھا

یا پھر وہ اپنے دِل کی ابھی سننا نہیں چاہتا تھا

وہ یوں ہی کتنی دیر تک اسے دیکھتا رہا

لندن پہنچے تو حسنین نے اسے اٹھانا چاہا لیکن ماہ رخ کی آنکھ پہلے ہی کھل گئی

وہ شرم سے اپنی نظریں جھکائے ہوئے تھی حسنین اسکی جھجھک اور شرم کو اچھے سے سمجھ رہا تھا

کوئی بات نہیں آپ نیند میں تھیں اور اب پلیز شرمانا بند کرو محرم ہوں آپکا چلیں اب

وہ خود نہیں جانتا تھا یہ سب کیسے اور کیوں کہا اس نے شاید محبت اپنے قدم جما رہی تھی....

.

ماہ رخ سیٹ سے اٹھی تو حسنین نے اس کا ہاتھ پکڑا

ماہ رخ منہ کھولے یہ سب دیکھ رہی تھی

حسنین نے گاڑی ہائیر کی اور اس میں پہلے ماہ رخ کو بیٹھایا پھِر خود ڈرائیونگ سیٹ پر آیا

وہ اکثر لندن کام کے سلسلے میں آتا رہتا تھا

ماہ رخ کو پیاس لگی تھی لیکن وہ حسنین سے کہہ نہیں پا رہی تھی

جب اُنہیں سفر میں دو گھنٹے سے اوپر ہو گئے تو اس نے حسنین کو مخاطب کیا

مجھے پیاس لگی ہے اس نے اتنے ہلکی آواز میں کہا شاید ہی حسنین سن پایا ہو لیکن اس نے سن لیا تھا

کچھ آگے جا کر اسے ریسٹورنٹ وغیرہ نظر آئے وہ گاڑی سے اتر گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

واپس آیا تو اس کے ہاتھ میں پانی کی بوتل چپس اور کچھ کھانے کی چیزیں تھیں

وہ ساری چیزیں اس نے ماہ رخ کو تھما دیں

ماہ رخ نے پہلے پانی پیا پھر حسنین کی جانب چپس کا پیکٹ بڑھایا تا کے وہ بھی کچھ کھا لے

حسنین نے اک نظر اسے دیکھا اور ڈرائیو نگ کرتے ہوئے دوسرے ہاتھ سے چپس لے لی

یوں ہی خاموشی میں سفر گزرا حسنین نے بہت بڑے اور خوبصورت ہوٹل کے باہر گاڑی روکی اور ماہ رخ کو اترنے کا کہا

وہ دونوں باہر آئے تو حسنین جلدی میں آگے بڑھ گیا وہاں پر تھوڑا رش تھا

ماہ رخ کو عادت نہیں تھی اتنے سارے لوگوں میں اکیلے چلنے کی تو وہ ڈر کے مارے جلدی چلنے لگی

اسے جب یاد آیا کے وہ اکیلا نہیں بلکہ اک اور جیتا جاگتا انسان اسکے رحم و کرم پر اسکے ساتھ ہے تو وہ فورن رکا اور پیچھے مڑ کر ماہ رخ کو دیکھنے لگا

ابھی بھی وہ اس سے بہت دور تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اب اسے خود پر غصہ آ رہا تھا ایک عجیب سی کشش تھی ماہ رخ میں وہ کشش حسنین کو اپنے جانب کھینچتی تھی

شاید ماہ رخ کا ہانیہ جیسا دِکھنا تھا

وہ واپس گیا اور ماہ رخ کا ہاتھ پکڑ کر ہوٹل میں داخل ہوا

اپنے کمرے کی چابیاں لے کر وہ لفٹ کی جانب بڑھا

ماہ رخ کسی بچے کی طرح اس کے پیچھے پیچھے چل رہی تھی

کمرے میں پہنچ کر اس نے ماہ رخ کا ہاتھ چھوڑا

تم آرام کر لو میں کام سے جا رہا ہوں پہلے ہی میٹنگ سے لیٹ ہو چکا ہوں جب تک میں نہ آؤں کہیں نہیں جانا

اور ہاں وہ اپنی پاکٹ سے موبائل فون نکال کر اسکے ہاتھ میں تھمایا

پھر اس کی سوالیہ نظروں کو دیکھنے لگا

یہ موبائل اپنے پاس رکھنا اس موبائل میں میرا اور گھر کا نمبر سیو ہے

کوئی بھی بات ہو مجھے فون کرنا یا اگر زیادہ بور ہو تو گھر پر بی جان سے بات کر لینا

بھوک وغیرہ لگے تو فون کر کے آرڈر کر دینا یا میں تمہارا کھانا خود ہی آرڈر کر کے جا رہا ہوں

کھا لینا وہ سب کچھ سمجھا کر

اپنا فون اور گاڑی کی چابی اٹھا کر اور روم سے باہر چلا گیا

وہ کیوں اتنے فکر مندی اور پریشانی اس لڑکی کے لئے دکھا رہا تھا

جس سے اس نے شادی صرف بدلے کے لئے کی تھی وہ خود سے جتنا سوال جواب کر رہا تھا

اتنا الجھ رہا تھا.....

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ماہ رخ کو یقین نہیں آ رہا تھا کے یہ وہی حسنین ہے جس سے وہ پہلی بار ملی تھی وہ حسنین شاہ تو

کوئی اور ہی تھا وہ خود سے باتیں کرنے لگی اور اس کے دیئے گئے قیمتی فون میں خود کو

مصروف کر لیا

کیوں کے وہ ابھی سے خود کو بور نہیں کرنا چاہتی تھے نا جانے حسنین کی واپسی کب تک ہوتی

. . . . . . . . .

حسن مجھے میری بچی کا چہرہ اک بار تو دکھا دیں ماں ہوں میں

نہیں ہو رہا اب برداشت میرے دل سکون میں تب تک نہیں رہ سکتا جب تک

میں اپنی بچی کو اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ لوں فرزانہ بیگم نے روتے ہوئے حسن صاحب

سے کہا جو کے ابھی بی جان سے فون پر بات کر کے فارغ ہوئے تھے

فرزانہ بس کچھ دن اور میں آپ کے جذبات سمجھ سکتا ہوں لیکن میں بھی تو اتنے دن سے

برداشت کر رہا ہوں کچھ دن اور سہی

وہ میرا بھانجا ہے میری ہانیہ کا بیٹا ہے

اگر ہماری ماہ رخ اسے سہی غلط سمجھا سکتی ہے تو ہمیں اور کیا چاہئے آپ بس کچھ دن اور صبر

کر لیں

پھر ہم دونوں چلیں گے اپنے بچی سے ملنے حسن صاحب کہہ کر کمرے سے چلے گئے

جب کے فرزانہ بیگم۔ماہ رخ کی خوشیوں سے بھری زندگی کی دعا کرنے لگی

. . . . . . . . . . . . . . .

وہ رات گئے واپس لوٹا تو ماہ رخ تب تک سو چکی تھی شاید سفر کی تھکن کی وجہ سے

وہ تھکا ہوا تھا لیکن پہلے فریش ہونے چلا گیا واپس آکر صوفے پر بیٹھا اس کا سر درد کر رہا تھا

وہ سگریٹ نکال کر اسکے کش لینے لگا

ماہ رخ کچی نیند میں تھی سگریٹ کی سمیل اسے بالکل بھی اچھی نہیں لگتی تھی وہ اٹھ بیٹھی تو

سامنے حسنین اسے سگریٹ پیتے ہوئے نظر آیا

وہ بستر سے اتر کر اس کے پاس آئی

یہ کیا ہے آپ سگریٹ کیوں پی رہے ہیں چھوڑیں اسے وہ ناراضگی سے اس کے ہاتھ سے

سگریٹ چھیننے لگی

حسنین اس سے سگریٹ کو دور کر رہا تھا

اور ماہ رخ جلد بازی کے چکر میں اپنا ہاتھ جلا بیٹھی

حسنین نے فوراً سگریٹ کو مسلحہ اور ایش ٹرے میں پھینکا

اسنے اسکا ہاتھ پکڑ لیا

تم پاگل ہو کیا دیکھو اب جل گیا نہ ہاتھ وہ اسے ڈانٹ رہا تھا

اچانک وہ رونا شروع ہو گئی

اس کے آنسو حسنین کے ہاتھ پر گر رہے تھے وہ اسے دیکھنے لگا

کیا ہُوا زیادہ دَرد ہو رہا ہے وہ اسے کیسی چھوٹی بچی کی طرح ٹریٹ کر رہا تھا

وہ اپنا سَر نہ میں ہلانے لگی

لیکن آنسو تھے کے رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے

تو پِھر رُو کیوں رہی ہیں آپ کس نے کہا تھا سگریٹ چھیننے کو وہ اپنے غصے پر قابو کرنے لگا

جس چیز سے آپکو نقصان ہو گا اس چیز سے میں آپکو دور رکھنے کی ہر کوشش کروں گی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہہ رہی تھی جب کے اس کا ہاتھ ابھی بھی حسنین کی گرفت میں تھا

وہ کتنی ہی دیر اس پاگل سی لڑکی کو دیکھنے لگا

جیسے یہ تک یاد نہیں تھا کے حسنین نے اس کے ساتھ نہ جانے کتنا غلط کیا ہے

اسے اٹھا کر لایا پِھر زبردستی شادی کی پِھر اس کے گھر سے اسے دور کر دیا

اسے ماہ رُخ کی آنکھوں میں ویرانی مایوسی اپنوں سے جدا ہونے کا دُرد نظر آ رہا تھا

ماہ رُخ اپنا ہاتھ اسکی گرفت سے چھڑانے لگی لیکن سامنے والے کی گرفت اس کی کوشش سے زیادہ مظبوط تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com

اہاں.... حسنین نے اسے پیار سے دیکھتے ہوئے صوفے سے اٹھنے سے منع کیا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جس کا ماہ رُخ پر کوئی اثر نہیں ہوا

وہ اپنے دوسرے ہاتھ کی مدد سے حسنین سے ہاتھ چھڑوانے لگی

جب کے حسنین نے اس کا دوسرا ہاتھ بھی اپنے گرفت میں لیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اب وہ شکایتی نظروں سے اپنے سامنے خوبصورت اور ضدی شوہر کو دیکھنے لگی جس کی آنکھوں میں شرارت ناچ رہی تھی

وہ اپنے پلکیں جھکا گئی اب دونوں کے بیچ میں خاموشی تھی

لیکن اس خاموشی کے پیچھے بھی دونوں میں جنگ جاری تھی

اس خاموشی کو ماہ رُخ کی پیاری سی آواز نے توڑا

چھوڑیں میرا ہاتھ مجھے نیند آرہی ہے وہ اس کی جانب اپنے منہ موڑ کر کہنے لگی جب کے حسنین کی آنکھوں میں دیکھنے سے گریز کر رہی تھی

اگر یہ ہاتھ نہ چھوڑوں تو اس کے اک سوال میں ماہ رُخ کو بہت کچھ محسوس ہوا تھا محبت جنون ضد اور بھی نہ جانے کیا کیا لیکن وہ خود کو کیسی خُوش فہمی میں مبتلا نہیں کرنا چاہتی تھی اسی لئے چُپ رہی

بتاؤنہ اگر یہ ہاتھ نہ چھوڑوں تو وہ پھِر سے وہی بات دہرانے لگا

تو میں ساری رات یہیں بیٹھے بیٹھے گزار دوں گی اور کیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

وہ کیسی بھی تاثر کے بغیر عام سے لہجے میں جواب دے کر خاموش ہو گئی

ماہ رُخ میں تمہاری نظروں میں کتنا گر چکا ہوں

مجھے پتہ ہے میں نے تمہارے ساتھ برا کیا ہے نہ جانے کن جذبات میں بہتے ہوئے وہ سب کہہ رہا تھا

کس نے کہا آپ سے کے آپ میری نظروں سے گر چکے ہیں

اور ہاں میرے خیال میں جوڑیاں اوپر والا بناتا ہے

میرے نصیب میں انہوں نے آپکو لکھا تھا پھر چاہے جس طریقے سے آپ مجھ سے شادی کرتے یہ اک دن ہونا تھا

یہ کہتے ہوئے اسے عجیب سا دَرد محسوس ہوا ماہ رُخ کی آواز میں وہ یے سب کہہ کر اپنے امڑ آنے والے انسوں کو رکنے کی ناکام کوشش کرنے لگی

حسنین بے ساختہ ماہ رُخ کو اپنے سینے سے لگالیا اور نہ جانے کتنی ہی دیر وہ اس کے سینے پر سَر رکھے روتی رہی

جب وہ رونے کے بعد خود کو ہلکا محسوس کرنے لگی تو آہستہ سے حسنین سے دور ہو گئی

سر اب بھی جھکا ہوا تھا حسنین نے اس کا ہاتھ ابھی بھی اپنی گرفت میں لیا ہوا تھا

میں مانتا ہوں میں نے تمھارے ساتھ غلط کیا

لیکن جو میرے ساتھ ہوا اس کا کیا میں نے تو حسن جیلانی کا کوئی قصور نہیں کیا تھا

پھر کیوں انہوں نے میرے ماں باپ کو مروا دیا وہ رُو رہا تھا حسنین شاہ مغرور اور انا والا

مرد آج رُو رہا تھا وہ بھی اک لڑکی کے سامنے

حسنین میں اگر آپ سے کوئی بات کروں تو کیا آپ میری بات کا اعتبار کر لیں گے ماہ رُخ

اس کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لئے اسے جواب طلب نظروں سے دیکھنے لگی

ہاں ہو سکتا ہے میں اعتبار کر لوں کیوں کے اِتُنا تو مجھے معلوم ہو گیا ہے

کے تم کم اَز کم مجھ سے جھوٹ نہیں بولو گی

بولو وہ اپنے سُرخ آنکھوں سے اسے دیکھنے لگا

میرے بابا نے آپ کے ماں باپ کو نہیں مروایا

وہ صرف ایک روڈ حادثہ تھا

اور ہانیہ پھوپھو کا نام میں نے اپنے گھر میں بہت کم سنا ہے

پر جب سنا ہے بابا کے منہ سے سنا ہے وہ ہانیہ پھوپھو سے بہت محبت کرتے تھے بابا کبھی بھی ان کو نہیں مروا سکتے اگر آپکو میری بات کا یقین نہ آئے تو آپ احمد انکل سے پوچھ لیں

وہ آپکو بتا دیں گے یہ صرف اک حادثہ تھا اور کچھ نہیں

وہ اپنے بات ختم کر کے اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی جو ابھی بند تھیں

وہ اپنی آنکھیں نہیں کھولنا چاہتا تھا بہت سالوں بعد اس نے اپنے ماں باپ کی موت کا ذکر چھیڑا تھا

وہ مظبوط مرد اس ٹائم مکمل طور پر بکھرا ہوا تھا

وہ خاموش رہا کچھ نہیں بولا ماہ رخ اس کے لیے پانی لائی

یے لیں پانی پی لیں وہ اسکی کے بھاری مظبوط ہاتھ پر اپنا نازک ہاتھ رکھ کر اسے اپنی جانب متوجہ کرنے لگی

ہم.....وہ اپنے آنکھیں کھول کر خالی خالی نظروں سے اسے دیکھنے لگا

پھر اس کے ہاتھ سے پانی کا گلاس لے کر ہونٹوں سے لگایا

ماہ رُخ نے خالی گلاس اس کے ہاتھ سے لے کر ٹیبل پر رکھ دیا

اور اسے دیکھنے لگی

وہ اپنا فون نکال کر احمد صاحب کو کال کرنے لگا

دوسری جانب کال جا رہی تھی آخر احمد صاحب کی آواز اس تک آئی

سلام دعا کیئے بغیر وہ کام کی بات پر آیا

بڑے ابو پولیس نے ماما اور بابا کا کیس انویسٹگیٹ کرنے کے بعد کیا رپورٹ دی تھی

وہ بے چینی سے پوچھنے لگا

حسنین بیٹا وہ صرف اک روڈ حادثہ تھا اس میں حسن کا کوئی تعلق نہیں تھا

میں جب واپس آیا تھا تو تمہیں بتانے کی کوشش کی تھی لیکن تم میری سننے کو تیار نہیں تھے

اَحمد صاحب نے افسوس سے کہا

وہ خدا حافظ کہہ کر جلدی سے موبائل فون بند کیا

اور سَر ہاتھوں میں گرائے بیٹھ گیا

ماہ رُخ اسے دیکھنے لگئی

حسنین۔۔ماہ رخ نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھا

وہ اپنا سَر جھکائے ہاتھوں کو آپس میں جوڑے بیٹھا تھا

سنیں۔۔اس نے پِھر سے مخاطب کیا

ہم.....وہ اتنا کہہ کر چُپ ہو گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آپ ٹھیک ہیں وہ خود کو مطمئن کرنا چاہتی تھی

وہ اپنی سرخ آنکھوں سے اسے دیکھنے لگا

کیا کچھ اسے یاد نہیں آرہا تھا وہ اس کا خوبصورت بچپن خوشیاں اور حَسین یادیں جو شاید اب وہ مازی کی کتاب نہیں کھولنا چاہتا تھا آج وہ کتاب ماہ رخ خود کھول چکی تھی اس کا ماضی اس کا بچپن اسکی آنکھوں کے سامنے گھوم رہا تھا اور اک تلخ سی مسکراہٹ اس کے ہونٹوں پر دوڑ گئی

وہ ماہ رخ کو فراموش کر چکا تھا

وائٹ شرٹ جس کے بازو فولڈ کیئے ہوئے تھے بلیک پینٹ میں وہ ایک خوبصورت مرد اس ٹائم ماہ رخ کو ٹوٹ ہوا محسوس ہو رہا تھا وہ بکھرا ہوا لگ رہا تھا وہ اس بکھرے ہوئے انسان کو محبت دے کر سمیٹنا چاہتی تھی جو اس کا محرم تھا جو اسکے دکھ سکھ کا ساتھی تھا وہ بہت پہلے ہی اپنے سامنے بیٹھے اپنے مغرور اور ضدی شوہر کو معاف کر چکی تھی

یہ لیں پانی پی لیں بہت رُو لئے اب آپ سو جائیں وہ اس پر پہلی بار حق جتا رہی تھی

حسنین کس تکلیف سے گزر رہا تھا یہ وہی جانتا تھا لیکن ماہ رخ کا اس سے اس طرح سے بات کرنا بہت اچھا لگ رہا تھا

اس نے گلاس کے ساتھ ساتھ اس کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ بٹھایا اور پھر اس کے سامنے گھٹنوں کے بل زمین پر بیٹھا

ماہ رخ کا منہ کھل گیا وہ حیران و پریشان تاثرات لیئے اسے تک رہی تھی

آپ یہ کیا کر رہے ہیں اوپر بیٹھ جائیں نیچے کیوں بیٹھے ہیں وہ اسے آنکھیں دیکھانے لگی

مسز ماہ رخ حسنین شاہ کیا آپ مجھے میرے گناہ کی معافی دے سکتی ہیں میں مانتا ہوں میرا گناہ اتنا چھوٹا نہیں جیسے آپ اتنی آسانی سے معاف کر دیں لیکن اگر ہو سکے تو اک بار سچے دِل سے مجھے معاف کر دیں میں آپکو بہت سے خوشیاں دوں گا کبھی آپکو دکھ یا تکلیف نہیں دونگا یہ میرا وعدہ ہے آپ سے وہ آنکھوں میں پیار لئے اسے دیکھ رہا تھا

ماہ رخ نے اپنے رب کا شکر کیا دِل میں پھر حسنین کا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنے برابر بٹھایا

میں نے آپکو سچے دِل سے معاف کر دیا مجھے کوئی گلہ نہیں آپ سے آپ غلط فہمی کا شکار تھے لیکن اگر کوئی بھی مرد کوئی بھی قدم اٹھانے سے پہلے اک بار سوچ لے وہ کیا کرنے جا رہا ہے تو اُسے کبھی کسی لڑکی کے سامنے شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں پڑے گی

آپ نے اپنے دکھ کا انتقام اک لڑکی سے لیا جس کا دور دور تک کوئی قصور نہیں تھا لیکن پھِر بھی وہ آپکی سزا کے بھینٹ چڑھی میں یہ نہیں کہتی کے میں پوری طرح سے خوش ہوں یا نہیں لیکن میری طرف سے آپکو کبھی بھی شکایت کا موقع نہیں ملے گا وہ کسی اور ہی دُنیا میں کھوئی ہوئی یہ سب کہے جا رہی تھی جب اس کی بات مکمل ہوئی تو اس نے اپنی آنکھیں کھولی جن میں بہت سے آنسو رکے ہوئے تھے جو کے وہ روک نہ سکی

حسنین نے اسے پانی دیا اور اسکے آنسو صاف کیئے

میں مانتا ہوں مرد اپنے انا اور بدلے کی آگ میں کسی لڑکی کی عزت مان اور بھروسہ جو اس کے گھر والوں کو اس لڑکی پر ہوتا ہے وہ اک سیکنڈ میں روندھ کر چلا جاتا ہے میں نے گناہ کیا ہے اور میں اپنے کیئے پر شرمندہ ہوں اور اب میں کوشش کروں گا کے میرا بیٹا کبھی بھی میرے جیسا نہ بنے میری اولاد اپنے ماں پر جائے کھلے دِل کی مالک در گزر کرنے والی اور

سب کو معاف کرنے والی نہ کے میری طرح بدلے کی آڑ میں کسی کی زندگی تباہ کر دینے والی وہ مظبوط اور سچے دِل سے خود سے عہد کر رہا تھا

ماہ رخ کی آنکھیں اپنے ہاتھوں پر تھی

وہ اسے اپنے حصار میں لے کر اسکے ماتھے پر اپنی محبت کی پہلی نشانی چھوڑی اور پھِر اسے دیکھنے لگا اچھا اب اٹھیں مجھے بھی نیند آرہی ہے وہ شرارت اور محبت سے پر انداز میں کہنے لگا

ماہ رخ اٹھ کر بیڈ کی طرف چلی گئی

حسنین بھی لائٹس اوف کر کے سونے لگا

اگلی صبح ماہ رخ نے اٹھ کر اپنے نئی اور سنہری صبح کا آغاز نماز سے کیا وہ حسنین کو کب سے پکار رہی تھی لیکن وہ اٹھنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا

ماہ رخ نے ٹھنڈا پانی گلاس میں بھرا اور آہستہ سے چلتی ہوئی اس سے کچھ فاصلے پر کھڑی ہوئی اور پھِر بیچارے حسنین کا وہی حال ہوا جو کسی بھی معصوم اور مظلوم شوہر کا ہوتا ہے

ٹھنڈا ٹھار پانی اسے کسی سیلاب سے کم نہیں لگا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اپنے بھیگے کپڑے دیکھ رہا تھا اور پھر جلدی سے اٹھ کر ماہ رخ پر لپکنے کی کوشش کی لیکن وہ اس متوقع کروائی سے آگاہ تھی اس لیے بھاگ کر باتھ روم میں گھس گئی حسنین اپنے دانت پیس کر رہ گیا ماہ رخ میں کہہ رہا ہوں دروازہ کھول دیں مجھے ٹھنڈ لگ رہی ہے یار وہ غصے میں چلا کر کہنے لگا

میں نہیں نکل رہی آپ مجھ پر جوابی کروائی کریں گے مجھے پتہ ہے وہ اندر سے کہنے لگی

حسنین کے چہرے پر اک خوبصورت سے مسکراہٹ رقص کر رہی تھی

جب اتنا ہی ڈر تھا تو یہ سب کیا ہی کیوں آپ نے اس نے باتھ روم کے دروازے سے ٹیک لگا لی

کیوں کے آپ اٹھ نہیں رہے تھے وہ گھبراتے ہوئے جواب دیا

اچھا جی صحیح ہے تو پھر اب ڈرنا کیسا آجائیں باہر اور بی جان کی کال آئی ہے وہ آپ سے بات کرنا چاہتی ہیں حسنین نے اسے اک بار پھر سے باہر آنے کا کہا

آپ جھوٹ بول رہے ہیں میں نہیں آرہی وہ بھی باہر آنے سے انکاری تھی

حسنین نے فون کو سپیکر پر کیا تو بی جان کی آواز ماہ رخ تک پہنچی وہ ماہ رخ کے بارے میں پوچھ رہی تھیں

بی جان وہ باتھ روم میں ہیں آتی ہیں تو آپ سے بات کرواد ونگا حسنین کا موڈ خوشگوار تھا

ماہ رخ بھی بی جان کی آواز سن کر باتھ روم سے باہر نکل آئی اور حسنین کے ہاتھ سے موبائل لیا وہ اوف وائٹ پیروں تک آتی فراک میں ملبوس دوپٹہ گلے میں ڈالے لمبے سلکی بال اس کی کمر پر کسی آبشار کے طرح بکھرے تھے کسی بھی میک اپ سے پاک چہرا لیئے سیدھا حسنین کے دِل میں اتر رہی تھی وہ اسے دیکھتا رہ گیا

وہ اس کے ہاتھ سے موبائل لے کر بی جان سے بات کرنے لگی

میں بالکل ٹھیک بی جان آپ کیسی ہیں وہ دھیمے لہجے میں بات کر رہی تھی

حسنین اپنے کپڑے ورڈروب سے نکال کر فریش ہونی چلا گیا جب کی اسکی پر شوخ نظریں ماہ رُخ سے ہٹنے کا نام نہیں لے رہی تھیں

وہ خود پر حسنین کی نظروں کی تپش محسوس کر رہی تھی لیکن اس نے حسنین کے سامنے یہ بات ظاہر نہیں کیا

جی جی بی جان آپ بے فکر رہیں وہ میرا خیال رکھ رہے ہیں ٹھیک ہوں میں وہ بی جان کی سوالوں کا جواب دے رہی تھی

اچھا بیٹا ٹھیک ہے اب میں فون بند کر رہی ہوں انشااللہ بعد میں بات کریں گے بی جان نے بات کر کے رابطہ منقطع کر دیا

وہ موبائل کو ٹیبل پر رکھ کر کھڑکی کے سامنے سے گرے پردوں کو ہٹانے لگی

وہ فریش ہو کر باتھروم سے باہر آیا نیوی بلیو شرٹ بلیک جینس کی پینٹ بالوں کو تولیے سے رگڑتا ہوا آئینہ کے سامنے کھڑا ہو گیا

وہ کب سے اپنے خوبرو اور ہینڈسم شوہر کو دیکھ رہی تھی جو صرف اس کا نصیب تھا اس پر صرف ماہ رُخ کا حق تھا

دِل دیاں گلاں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کراں گے نال نال بیہ کہ آنکھ نال آنکھ نوں ملا کے

وہ بہت خوشگوار موڈ گانا بھی گنگنا رہا تھا

وہ اسکی سحر انگیز آواز میں کھو سی گئی تھی

جب حسنین کو زیادہ خاموشی محسوس ہوئی تو وہ ماہ رُخ کو اپنے بیتاب نظروں سے ڈھونڈنے لگا اسے خود اپنے بے چینی کی سمجھ میں نہیں آ رہی تھی ماہ رُخ کی چپ اس سے برداشت نہیں ہوئی اس کا دِل چاہ رہا تھا ماہ رُخ بولتی رہے اور وہ سنتا جائے پِھر اسکی نظر اپنے سامنے پڑی تو وہ سامنے ہی کھڑی تھی

وہ حیران ہوا کے یہ چُپ کیوں ہے حسنین ہیئر برش کو ڈریسنگ ٹیبل پر رکھ کر اس کے پاس آیا

ماہ رُخ کے چہرے پر مسکراہٹ تھی اور آنکھیں نم

ماہی آپ ٹھیک ہیں وہ اسے ماہی بلا رہا تھا ماہ رُخ نے کوئی جواب نا دیا وہ چُپ رہی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

کیا بات ہے جان حسنین وہ بالکل اس کے پاس آکر کھڑا ہوا تو ماہ رخ خیال کی دنیا سے باہر آئی اور اسے اپنے قریب دیکھ فوراا نکھیں جھکا لیں وہ تو حسنین کو دیکھنے میں کھو سی گئی تھے

کیا... کک.... کچھ نہیں آپ کب آئے وہ اپنے گھبراہٹ کو چھپانے کے لیے عجیب و غریب سوال کرنے لگی

ھاھاھاھاھاھ ماہی میں کہاں گیا تھا حسنین آنکھوں میں شرارت اور پیار لیے اسے سے دیکھا رہا تھا

کہیں نہیں میں نے ایسے ہے پوچھ لیا وہ اس نے اپنے اپنی گھبراہٹ پر قابو پا کر کہا

اچھا جی اور کیا کہہ رہی تھی آپ بی جان سے حسنین نے اس کے چہرے پر آئے آوارہ لٹ کو اس کے کان کے پیچھے کرتے ہوئے کہا

ماہ رُخ نے اپنے آنکھیں میچ لیں حسنین اس کی اس حرکت پر دلکشی سے مسکرا دیا

حسنین....اس نے اسے مخاطب کیا

جی ماہی....وہ بھی اس نے اسی لہجے میں کہا دیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

مجھے بھوک لگی ہے ماہ رُخ آہستہ آہستہ اس کے گرفت سے نکل کر جا کر بیڈ پر بیٹھ گئی ماہ رُخ کی آنکھوں میں شرارت تھی

اچھا جی تو یہ آپ کا بھگانے کا طریقہ تھا حسنین نے اسے ترچھی نظروں سے دیکھتے ہوئے کہا

میں کیوں بھگاونگی آپ سے ڈرتی تھوڑی ہوں ماہ رُخ نے بچو کی طرح منہ بنا کر کہا

میں بعد میں خبر لیتا ہوں آپ کی اچھی طرح ابھی کھانا آوڈر کر لوں حسنین اسکی جانب پیلو پھینکا جیسے ماہ رُخ نے پکڑ لیا اور اپنے خوبرو شوہر کو دیکھنے لگی

........

حسن اور کتنے دن میں اپنے بیٹی سے دور رہوں گے آپکو مجھ پر ترس نہیں آتا آج فرزانہ بیگم نے اپنے غصے سے پوری حویلی کو سر پر اٹھایا ہوا تھا وہ ہر حال میں ماہ رُخ سے ملنا چاہتیں تھیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

فرزانہ اب بس تین دن اور پھر میں آپکو ہماری ماہ رُخ سے خود ملانے لے چلوں گا حسن صاحب نے اُنہیں سمجھانا چاہا

جیلانی صاحب میں اب اور برداشت نہیں کر سکتی میری بچی مجھے تین دن بعد اپنے آنکھوں کے سامنے چاہیے آواز تو سن لیتی ہوں لیکن مجھے ہر پل اسکی فکر رہتی ہے فرزانہ بیگم نے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا اور اٹھ کر اپنے کمرے میں چلی گئیں

حسن صاحب آن کے جانے انداز کو دیکھنے لگے

. . . . . . . .

بریک فاسٹ ہو چکا تھا ماہ رُخ نے دونوں کے لیے کھانا نکالا حسنین اتنے دیر میں جنید کو اپنے کل کی میٹنگ کی بارے میں بتا رہا تھا جو کے بہت اچھی رہی تھی جس کنٹریکٹ کے لیے وہ لندن آیا تھا وہ کنٹریکٹ اسکی کمپنی کو مل چکا تھا اب اسکی دو دن تک واپسی تھی وہ جنید کو آگاہ کر کے رابطہ منقطع کیا اور ماہ رُخ کے ساتھ آکر سوفے پر بیٹھ گیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ماہ رُخ نے اسکی توجہ کھانے کی طرف دلائی

وہ بریک فاسٹ کرنے لگا بریک فاسٹ ختم. کر کے دونوں نے چائے پی۔

ماہ رُخ اپنے مگ کو گھور رہی تھی

جب کے حسنین ماہ رُخ کو دیکھنے میں مصروف تھا وہ پزل ہونی لگی

کیا ہے حسنین ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں آخر میں اس نے منہ پھولا کر معصوم سا شکوہ کیا

جس پر حسنین کا قہقہہ بے ساختہ تھا

ماہ رُخ اسے پہلی بار کر ہنستے ہوئے دیکھ رہی تھی اس کے دِل نے اک بیٹ مس کی

حسنین نے بمشکل اپنے ہنسی کو کنٹرول میں کیا اور ماہ رُخ کا ہاتھ پکڑ کر اس کی آنکھوں میں دیکھنے لگا

ماہ رُخ نے اپنی نظریں جھکا لیں وہ اسکی اس ادا پر تو جیسے قربان ہی ہو گیا

آپ کو پتا ہے جان حسنین میں ساری زندگی ایسی ہی دیکھ سکتا ہوں کیوں کہ میری لیے یہ دنیا کا سب سے خوبصورت منظر اور کوئی نہیں کمرے میں اسکی محبت سے بھری آواز گونجی جب کے اس کی بات سن کر ماہ رخ سرخ ہو گئ

اب چُپ کیوں کیوں بولو نہ کچھ اچھا ٹھیک ہے جب تمھیں کچھ نہیں بولنا تو میں کوئی نہ کوئی گوری ڈھونڈ لیتا ہوں جو مجھ سے پیار بھری باتیں کر سکے کیوں میری بیوی تو بولتی ہی وہ اپنے ہنسی کو دبا کر سنجیدہ لہجے میں کہا

جب کے ماہ رُخ کو تو مانو کسی نے گرم گرم پانی سر پر ڈال دیا ہو وہ جارحانہ انداز میں اسے گھورنی لگی

میں جان لے لوں گی اس گوری کی سنا آپ نے ماہ رُخ نے اک اک لفظ چبا چبا کر کہا

میری روز جان لیتی ہو یہ کم ہے کیا جواب کسی اور کی بھی جان لینی ہے آپکو حسنین کی آنکھوں میں محبت کا سمندر رواں تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ جانے لگی جب حسنین نے اس کا ہاتھ اپنے گرفت میں لیا اس کے راہ فرار کے سارے راستے بند کر دیے

ماہ رُخ نے اسکے چوڑے سینے پر اپنا سَر ٹکا دیا

وہ دونوں مکمل ہو گئے تھے انکی زندگی میں اب صرف خوشیاں منتظر تھے

. . . . . . . .

بی جان حسنین اور ماہ رُخ کب واپس آ رہے ہیں

حسن صاحب اور فرزانہ بیگم آج شاہ ہاؤس آئے ہوئے تھے

کل رات کی فلائٹ ہے انشااللہ دو دن میں واپس آجائیں گے بی جان کے چہرے پر خوشی صاف ظاہر تھی

اچھابی جان پھر ہم چلتے ہیں صبح سے یہیں آئے ہوئے ہیں گھر میں بچیاں اکیلی ہیں اب ہمیں اِجازت دیں حسن صاحب اور فرزانہ بیگم نے آن سے اِجازت لے اور گھر کے لیے روانہ ہو گے

. . . . . . . . .

حسنین اٹھ جائیں کب سے کہہ رہی ہوں آپ میری بات کیوں نہیں سن رہے ماہ رُخ ڈارک بلیو ڈریس میں ملبوس اسے نیند سے اٹھانے میں لگی ہوئی تھی

کیا ہے ماہی سونے دیں بعد میں بات کر لیں گے اس نے چادر واپس کھینچ کر اپنے اوپر ڈالی ماہ رُخ منہ پھلا کر جا کر سوفی پر بیٹھی

حسنین کو جب بہت دیر تک ماہ رُخ کی آواز نا آئی تو اس نے خود چادر ہٹا کر اپنے نظریں ارد گرد کمرے میں گھمائی وہ سامنے بیٹھی نظر آئی اسے۔ بلیو ڈریس میں اس کا سرخ و سفید رنگ اور بھی دمک رہا تھا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

کیا کرنا ہے ماہی بتاؤ وہ اب باقاعدہ بیڈ سے اٹھ کر اس کے پاس آیا

مجھے بات نہیں کرنی آپ سے ماہ رُخ اس سے منہ پھیر کر بیٹھ گئی

سوچ لیں مجھے منانا اچھے سے آتا ہے حسنین شرارتی لہجے میں کہا

ماہ رُخ کی تو جان پر بن آئی وہ فوراً اپنا رُخ اسکی جانبِ موڑ گئی

حسنین نے مسکرا کر اسے دیکھا

کیا بات ہے حکم کریں آپ وہ اپنے سینے پر ہاتھ کر اس کے سامنے ہلکا سا جھکا

ماہ رُخ کے ہونٹوں پر اک شرمیلی مسکان دوڑ گئی

مجھے شاپنگ کرنی ہے بہت ساری اور ہاں آپ مجھے گھمانے بھی لے جائیں گے وہ بچوں کی طرح اپنی فرمائشیں بتانے لگی

اچھا ٹھیک ہے میری جان میں آپکو گھمانے اور شاپنگ کرانے ضرور لے کر جاؤں گا بس آپ اپنا موڈ ٹھیک رکھیں وہ اس کے ہاتھ پر ہلکا سا اپنے ہاتھوں کا دباؤ ڈال کر فریش ہونے چلا گیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

واپس آکر رائل بلیو کوٹ بلیو پینٹ اور وائٹ شرٹ میں ملبوس وہ بہت خوبرو اور بلاشبہ بہت

پیارا لگ رہا تھا

ماہ رُخ کی تو نظریں اس پر سے ہٹنے سے انکاری تھیں

وہ آئینے میں نظر آتے ماہ رُخ کے عکس کو دیکھ رہا تھا پھر جیل لگا کر بالوں کو سیٹ کیا پرفیوم

چھڑک کر اپنی تیاری مکمل کر کے ماہ رُخ کے پاس آکر کھڑا ہوا

چلیں اب آپ اپنا نقاب وغیرہ کر لیں تب تک میں کل رات کی سیٹز کنفرم کروا لوں وہ

اس سے مخاطب ہو کر فون میں بزی ہو گیا

جب کے ماہ رُخ اپنا نقاب کرنے لگی

کہاں چلنا ہے پہلے وہ اس کا ہاتھ تھامے لفٹ سے باہر آیا اور پارکنگ کی طرف بڑھا

جہاں آپ لے چلیں ماہ رخ نے دھیمے لہجے میں کہا

وہ اسکی بات پر مسکرا دیا

میرا دل تو کہیں اور جانے کا ہو رہا ہے حسنین نے آنکھ دباتے ہوئے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ماہ رخ کے ہڑ بڑا کے پیچھے ہو گئی

کم سے کم یہاں تو چھوڑ دیں پبلک پلیس ہے.....

ہاہاہا اچھا بابا ٹھیک ہے پہلے شاپنگ کر لیتے ہیں وہ اسے لیے کار میں بیٹھا اور گاڑی اسٹارٹ کی

جی ٹھیک ہے، ماہ رخ نے اسے دیکھتے ہوئے کہا

کیا بات ہے جانے من نظر لگانے کا اِرادہ ہے کیا حسنین نے اسکی چوری پکڑ لی تھی

وہ اپنا سر جھکا گئی

کم اون یار اب اس بات پر بھی تم شرماؤ گی وہ آنکھوں میں محبت لیئے اسے دیکھنے لگا

نہیں تو میں کیوں شرماؤں گی آپ اپنویں میں خُوش نہ ہوں

میں آپکو نہیں دیکھ رہی تھی اسے بس کچھ ہی دیر لگی تھی خود کو سنبھالنے میں

اب وہ بھی جوابی کروائی کر رہی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اچھا جی لیکن میں نے تو ابھی دیکھا تھا لوگ چُھپ چُھپ کر مجھے اپنے آنکھوں کی حصار میں لیئے ہوئے تھے وہ بعض نہ آیا

ہاں تو دیکھ رہی تھی اس میں کیا ہے آپ بھی تو پورا دن گھورتے رہتے ہیں، تو میں کچھ کہتی ہوں آپکو......نہیں نہ

اس نے منہ بنا کر جواب دیا اور منہ پھلا کے بیٹھ گئی

اچھا بابا آپ دیکھ لیں جی بھر کے میں نے کب روکا ہے آپکو اس نے ماہ رخ کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا

یہ کیا کر رہے ہیں، ٹھیک سے ڈرائیونگ کریں نہ اس نے اپنا ہاتھ اسکی گرفت سے نیکالتے ہوئے کہا

یار آپ ظالم بیوی ثابت ہو رہی ہیں، میری لئے حسنین نے مصنوعی آہ بھرتے ہوئے کہا

حد ہے حسنین اب کیا کر دیا میں نے اور ویسے بھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آپکو تھوڑی سے چھوٹ دیتی ہوں تو آپ پھیل جاتے ہیں، اس سے اچھا ہے میں چُپ ہی رہا کروں اس نے سامنے بیٹھے حسنین گھورتے ہوے کہا

ماہ رخ کا ہاتھ ابھی بھی حسنین کے سرخ و سفید مظبوط ہاتھ میں تھا

وہ بلاشبہ ماہ رخ سے کہیں گنا زیادہ خوبصورت تھا

کم تو ماہ رخ بھی نہیں تھی لیکن حسنین کی بات ہی اور تھی

حسنین۔۔۔۔۔کچھ دیر کی خاموشی کے بعد اس نے اسے مخاطب کیا

ہمم... بولو اس کا پورا دیہان اب ڈرائیونگ پر تھا

آپکو پچھتاوا تو نہیں ہوگا کبھی کے آپ نے کیوں مُجھ سے شادی کرلی آپکو تو اور بھی حسین اور خوبصورت لڑکیاں مل سکتی تھیں

ہمسفر کے روپ میں وہ اپنی بات مکمل کرکے اب بے صبری سے حسنین کے جواب کا انتظار کررہی تھی

نہیں کبھی بھی نہیں پہلی بات میں عاشق مزاج یا بگڑا ہوا لڑکا نہیں جو ہر کیسی پر دِل ہار بیٹھوں

دوسری بات آپ سے شادی کرنا صرف اور صرف میری اک پلین کے مطابق تھا جو کے بلاجواز تھا اور پھِر انتقام یا کچھ اور کب محبت میں تبدیل ہوا مجھے خد نہیں معلوم

